زنجیرِ رمِ آہو

عبدالعزیز خال

نذرِ قاسم محمود

عبدالعزیز خالد

کراچی

۲۸/۵/۶۵

زنجیرِ رمِ آہو

زنجیرِ رمِ آہو

عبدالعزیز خالد

دوآبہ کوآپریٹو پبلشرز لمیٹڈ
۹۳۔ نیو کلاتھ مارکیٹ۔ بندر روڈ
کراچی
فون نمبر ۲۳۱۳۵۵

جملہ حقوق ـــــــــ بحق مصنّف محفوظ

کتاب ـــــــــ زنجیرِ رمِ آہو

مصنّف ـــــــــ عبدالعزیز خالد

پہلی بار ـــــــــ جولائی ۱۹۶۰ء

دوسری بار ـــــــــ اپریل ۱۹۶۵ء

بہ اہتمام ـــــــــ الیاس سیتاپوری

پبلشرز ـــــــــ دوآبہ کواپریٹو پبلشرز لمیٹڈ

کتابت ـــــــــ ابنِ رفیق

پریس ـــــــــ جاوید پریس کراچی

قیمت ـــــــــ پانچ روپے

فہرست

ڈاکٹر شوکت سبزواری

کے نام

نوائے شوق

رُوحِ سرود و سخن خواب و خیال و فغاں
سینۂ صد چاک سے فیض کے سوتے رواں

جوہرِ تخلیق ہے بادۂ مینا گداز
ہر نظر اک ابتلا، ہر نفس اک امتحاں

اِک اَزلی التہاب، اِک اَبدی اضطراب
مبدأ فیّاض سے قسمتِ آزادگاں

سختیٔ دشت و دیار، صدقِ طلب کا عیار
راہِ تمنّا میں ہے ہر قدم اِک ہفت خواں

پائے خضر کے لئے راحتِ منزل نہیں
بالِ ہما کے لئے شاخِ نشیمن کہاں؟

سجدۂ تجلّی ہیں یُوں زمزمے آوارہ ہیں
دشت میں بھٹکا ہُوا جیسے کوئی کارواں

سینۂ بیتاب میں ولولوں کا اہتزاز
ولولے جن کا غبار، گردِ رہِ کہکشاں

جیرتی بن کر نکلے موجِ سموم و سراب
رخشِ عناں تاب کا کوئی نہیں ہم عناں

فکرِ صبا تنگ پہ ہے عرصۂ آفاق تنگ
کیسے مقیّد رہے جذب دلِ بیکراں؟

حجلۂ الفاظ میں شاہدِ معنی مقیم
غالیہ مُو، شعلہ رُو، عربدہ جوُ، بے قرار

پردۂ قرطاس میں زمزموں کا ارتعاش
منتظرِ مُو قلم خال و خطِ زر نگار

رہتے ہیں محوِ سفر، قافلہ ہائے خیال
دیس ہو پردیس ہو، آبلہ پا دل فگار

کارگہِ ذہن میں کشتۂ ذوقِ نمود
حکمت و فن کے صنم، شعر و ادب کے نگار

دردِ شکست و طلب، سوزِ طلوع و غروب
سُکر و سرور و خمار، زہرِ غمِ انتظار!

دل کے نہاں خانے میں آ کے لگائیں صدا
مطرب فکر و نوا، بے خود و مستانہ وار

ایسے کئی راز ہیں مضطرب و پر فشاں
ایسے کئی ساز ہیں مرتعش و نغمہ بار

مہلتِ یک دو نفس کم ہے مگر مغتنم
شعر کی اقلیم میں چھوڑوں کوئی یادگار

کالبدِ حرف میں رُوحِ ادب پھُونک دُوں
قالبِ الفاظ ہو رشکِ نخلِ چنار

صفحۂ تخلیق پر ثبت ہوں میرے نقوش
کر نہ سکے جن کو محو گردشِ لیل و نہار

رُولشِ مہتابِ شب، غیرتِ خورشیدِ صبح
دل سے برآمد کروں وہ گہرِ آبدار

لختِ دلِ روز و شب، نازشِ عمرِ رواں
خالدِ آشفتہ کا، نادرہ فن شاہکار!

اے تپشِ آموزِ دل، اے سخن آموزِ لب!
اے کہ ترا حرفِ کُن، آدم و حوا و خیام!

تیری مشیّت سے ہو ہم نفسِ آفتاب
شمعِ تنک تاب ہے میری تمنّائے خام!

صاحبِ افکارِ بکر، بسکہ ہے آشفتہ فکر
راحلہ و زاد کا، کر نہ سکا اہتمام

خادمِ خدّامِ فن، سرخوشِ آلامِ فن
شکوہ طرازِ خواص، شکر گزارِ عوام

ایک نیستاں ہوں میں، گرمی نئے کو عطا
حدّتِ مہرِ مبیں، خنکیٔ ماہِ تمام

رہگذرِ وقت میں ایک غریب الدّیار
تارِ نظر نارسا، موجِ نفس بے خرام

کس سے کہیے حالِ دل، کون ہے پرسانِ حال؟
ہونٹ پہ تڑپیں پیام، آنکھ میں مجلسِ سلام!

منزلِ فن دُور ہے، عظمتِ فن دُور تر
آہوئے دشتِ ہنر، ہوتا ہے مشکل سے رام

مسندِ عظمت پہ ہیں خونِ جگر کے نشاں
شہرتِ جاوید ہے ثمرۂ سوزِ دوام

درگہِ اُمّید میں، مَیں ہوں غریب و فقیر
میری متاعِ حقیر، مایۂ تضحیکِ عام

جس نے لگا رکھی ہے میرے رگ و پے میں آگ
ہوگا وہ سوزِ دروں جانے کب آسودہ کام!

وادیٔ غربت میں ہے، چاک گریباں مرا
آہ سوادِ وطن، منظر و گلگشت و بام!

گرچہ ہے تابہ نما پھر بھی ہے کفر آشنا
یہ دلِ بے مدّعا، بندۂ دینار و دام!

خالقِ شام و پگاہ، ایک کرم کی نگاہ!
پھرتا ہوں میں بے کلاہ - تاجِ بقائے دوام!

صریرِ خامہ

رہینِ زر نہیں فن کار کی ہنر مندی
سفارشات سے سوزِ نہاں نہیں ملتا

کنارِ بحر پہ غوّاص رُو بہ قبلہ ہے
کہ بے دُعا گہرِ شائگاں نہیں ملتا

شکستِ شیشۂ دل کی صدا نہیں ہوتی
فسادِ زخمِ جگر کا نشاں نہیں ملتا

کوئی مقام بھی ناممکن الحصول نہیں
کوئی مقام بھی بے امتحاں نہیں ملتا

اختیار

یہ پُر اسرار و نگاریں کائنات
ہے اِک ایسی رنگ بھومی کی طرح
حسبِ برگ و ساز تا حینِ حیات
ہر کوئی جس میں اداکاری کرے
اب یہ اس کے ذوق پر ہے منحصر
بے دلی سے بھیس بھر کر سوانگ کا
سر دُھنے، شکوے کرے، آہیں بھرے
یا نشاطِ زیست کا افسانہ خواں
داستاں گو ہر چہ بادا باد، کا
اس کشاکش کو سمجھ کر ناگزیر
خامشی سے، تمکنت سے، صبر سے
سہل و صعب اچھے بُرے ہر پارٹ کو
حُسنِ کارانہ شعُور و شوق سے
وہ ادا کرنے کی عادت ڈال لے!

آج

ہر رات سنا جاتی ہے پیغامِ وداع
ہر صبح نیا سُورج ہوتا ہے طلوُع
ہر روز ہم اِک نیا جنم لیتے ہیں!
افسانہ و افسوں تھے کہ یا وجد و سماع
بیتے ہوئے لمحوں کا سہارا جھُوٹا
ہم آج سے کرتے ہیں نیا دور شروع
ماضی کے صنم خانے کا ہر نقشِ عزیز
ہر منظرِ مانوس و رواقِ مطبُوع
یوُں آج پرایا سا نظر آتا ہے
اپنی نہ رہی ہو کبھی جیسے یہ متاع
کیا کیفِ گذشتہ، کیا خمارِ رفتہ!
تیرے زکماں جستہ، گئے لیل و نہار
اِک گلشنِ برباد ہے ماضی کا دیار!
جو کچھ ہے یہی آج ہے اے سینہ فگار!

اے خاک کے پُتلے!

اے خاک کے پُتلے کبھی اپنے پہ نظر کی
کس قطرۂ ناچیز سے تخمیر ہے تیری
کر چھان پھٹک پہلے حجاباتِ خودی کی
پھر پُوچھ ہر اک شے سے طلسماتِ خدائی
پہلے تو سمجھ، سوچ، پرکھ اپنی حدوں کو
برقا دلِ تیرہ کو، اجال اپنی شبوں کو
پھر بھینچ کفِ دست میں تاروں کی لووں کو
تقدیر کو دے مات، کر افلاک کو تسخیر
سیّار و ثوابت پہ اُڑا رفرفِ تدبیر
مہتاب کی وادی کو بنا رو کشِ کشمیر
ہر طاق منوّر کر، ہر کُوچہ مصوّر
ہستی سے عدم کی طرف آہستہ سفر کر!

کنارِ راوی

پچھلی بہاروں کی بھیگی راتوں میں
ہم راوی کے کنارے تنہا
عالم و اہلِ عالم سے پوشیدہ
لذّت و مستی کے موتی چنتے تھے
چاند کا افسوں، رات کا جادُو
گیلی ریت کی سوندھی خوشبُو
گھاس کے اودے، ٹھنڈے سہانے بستر پر
کہنی کے بل لیٹے
پھُولوں اور بوسوں کی بارش سے
دوش و کمر پر لہراتی زُلفیں

کنج گلستاں بن جاتی تھیں !

پھر راوی کے کنارے سے
بادِ صبا کا اِک آوارہ جھونکا
لایا ہے مُژدہ ، آمدِ فصلِ گُل کا
پھُول بھری ، لچکیلی شاخیں
کھیل رہی ہیں آنکھ مچولی
چاند کی مدھ ماتی کرنوں سے
آج کی رات قد آدم آئینے کے آگے
کون حسینہ ، اپنی مشکینہ زُلفوں سے
سالِ رواں کے پھُولوں کو چُنتی ہے ؟

عیشِ رفتہ

شباب ، مرمری اصنام سامری فن کی
جنوں نواز نگاہوں سے سوز گیر نہ تھا
جب آرزوئے مئے کہنہ و نگارِ جواں
نگار خانہ بناتی ہے خانۂ دل کو
تو میرے ذہن نے نظّارگی کے شبخوں سے
حصارِ قلب و نظر کی سلامتی کے لئے!
بجھائے شہرِ تمنّا کے بام و در کے دیئے!

فضا میں ہر طرف آباد تھے پری خانے
کسی حسینہ کی شوخ و شریر آنکھوں میں

طلسمِ ہوش رُبا تھے نشیلے افسانے
نشاطِ بے خودی میں بارہا سحر رہا ہے
یہ حادثہ بھی ہُوا رُونما، کہ بڑھ کے بنی
کسی کی شوق بھری ملتجی نظر گریباں گیر
ہوئے نہ دل میں ترازو مگر نگاہ کے تیر
زباں کو حوصلۂ عرضِ مدّعا نہ ہوا
میں بزمِ عیش سے بھاگا، مہیب و سرد و سیاہ
قفس نے دی مجھے اس کنجِ مہرباں میں پناہ!

گزر گئے جو فروغِ بہار کے لمحے
وہ سوز و ساز کی لذت، وہ انتظار کی آگ
نگاہِ ناز کے افسوں، لب و کنار کے راگ
نکل گئے ہیں جو کوسوں دیارِ حرماں سے
مری رگوں میں اب آثارِ زندگی آئے
فلک سے مجھ کو تقاضا ہے عیشِ رفتہ کا
مگر قفس کا یہ بیدرد خانۂ بے در
ہے خندہ زن مرے شوقِ فریب ساماں پر!

مُرغِ پربستہ!

بام و در کی غنودہ پلکوں پر
ابرِ نیساں کا رس ٹپکتا ہے
دُور جنگل میں اِک حزیں طائر
فرقتِ غم میں سر پٹکتا ہے!

رفتہ رفتہ بساطِ عالم پر
ظلمتوں کا نزُول ہوتا ہے
میرا دل ہے وہ مُرغِ پر بستہ
جو سرِ شاخ اُداس روتا ہے

مغنّی

کیا مے نہیں جامِ ارغواں میں؟
جب آپ شرابِ آتشیں سے
سرمستِ سرور ہو رہے تھے
میں ایک طرف بصد تمنّا
بیٹھا ہوا گیت گا رہا تھا!

انتظار

زندگی! دُنیا! طلسمِ روز و شب!
آخری زینوں پہ جن کے خستہ گام
چڑھ رہا ہوں قصّہ خوانِ صبح و شام!
السّلام اے مرکزِ جذبِ تمنا السّلام!
راہرو آواز دیتا ہے کہاں ہے کارواں؟
آگ سی بھڑکا رہی ہے دل میں یادِ رفتگاں
آئے گا پھر نوجوانی کا وہ دورِ شادماں؟
اب کہاں آئے گا وہ رنگیں زمانہ لوٹ کر!

ان سمن زاروں میں افسونِ بہاراں اب بھی ہے،
کاروانِ رنگ و بُو اب بھی اُترتے ہیں، خزاں

اب بھی آتی ہے کسی مہ رُو حسینہ کی طرح
ہُوں مگر ہیں ظلمتِ شب گیر میں گرمِ سفر

بادِ شب نے کر دیئے گُل سب چراغِ رہگذر
اے نگارِ مرگ! کب نکلے گا خورشیدِ سحر؟

نقشِ دوام

نواگر کی نوائے سینہ افروز
سخن ور کے قلم کا سحرِ سیّال
وہی تاثیر ہے ان میں وہی سوز
وہی حیرت وہی مستی وہی حال
وہی آہنگِ دلدار شب و روز
بدل جاتے ہیں صدیوں میں مہ و سال!

دُخترِ صحرا

شام و سحر کا پگھلتا سونا
بیٹھا گرم گھنیرا جادُو
عشق انگیز شلنگِ آہو
جوت جگاتی ، چشمِ پرُ فن
یہ جانی پہچانی خوشبو
کھیت کنوارے ، فصل سہاگن
یہ رمنے کہساروں کے ، یہ
جیسی بنجارے اپنے ہیں
موجِ نفس سے جن کے چراغاں
نقشِ قدم سے جن کے بہاراں

عرش سے بھاری پھول سے ہلکے
خاک پہ چلتے پھرتے انساں
یہ سب نظارے اپنے ہیں
سینۂ کوہ سے پھوٹتے جھرنے
عشرت خیز البیلے نغمے
چہلیں کرتے پنکھ پکھیرو
مدھ متوالی مست اڑانیں
چرواہوں کی رسیلی تانیں
ہاتھ میں پکڑے تیر کمانیں
اپنا مسکن ہیں یہ چٹانیں
بھیگی بھیگی گھاس بچھونا
رنگِ اُفق سے، عکس شفق سے
پگھلی چاندی، بہتا سونا

قدرت کے ان نظّاروں سے
ان پھولوں سے ان تاروں سے

اے دُخترِ مہتابِ صحرا!
تیری طبیعت کو رغبت ہے
تو یہ دوئی کے پردے کیسے
انبر انبر نکھرے نکھرے
رین نظارے بکھرے بکھرے
رُوپ بدل کر بنتِ عنب کا
بن کے نشہ صہبائے طرب کا
نجمِ سحر کا، کوکبِ شب کا
انجمنِ احساس پہ چھا جا
پہلو میں دل بن کے سما جا!
اے لالۂ شادابِ صحرا!

مرے ہمدم!

طوفاں کے تھپیڑوں میں رہا مَیں
زحمت کشِ انتظار تیرا
تُو میرے لئے کنارِ ساحل
ٹھہرا تو بمشکل ایک لمحہ!

تھی میری نظر میں ذات تیری
صد گنجِ زر و گہر سے بڑھ کے
لیکن مجھے تُو نے بیچ ڈالا
اک مُشت حقیرِ خس کے بدلے

معمار

سحر و شام کی دیواروں میں پیہم محصور
بنی آدم ہیں شبستانِ ابد کے معمار
حسبِ توفیق کوئی خونِ جگر پیش کرے
کوئی دل نذر کرے، کوئی زر و مال نثار

بزم عالم میں کوئی چیز بھی بیکار نہیں
وصل اشیا ہی سے محکم ہے نظامِ دوراں
ہر نفس لمحوں میں بٹتے ہوئے دوش و امروز
یہی مرمر، یہی روغن، یہی خشتِ ایواں!

روز و شب کام کرو ذوقِ عمل سے سرشار
جذبۂ شوق پہ الزام نہ آ جائے کہیں
دیکھنے والے قیامت کی نظر رکھتے ہیں
یہ نہ سمجھو کہ کوئی دیکھنے والا ہی نہیں

حُسن کاری کی مکافاتِ کمینہ سے بلند
ایسی تعمیر کرو وقفِ تمنّا ہو کر
کہ یہ ایوان ہو تصویرِ حریمِ ملکوت
بلکہ آرائش و تزئین میں اس سے بہتر

بے دلی موت ہے اندیشہ و پامردی کی
بے دلی ہمت و ناموس کی رُسوائی ہے
کبھی رُکتے نہیں رہوارِ تمنّا کے سوار
تم ہو جولانگہِ آفاق کی پہنائی ہے

تم سے کہتی ہے یہ ابطال کی تحریرِ جبیں
کوئی مشکل نہیں تسخیرِ مقاماتِ جلیل
تم جو چاہو تو تمہارے بھی نقوشِ کفِ پا
ظلمتِ دشت میں ہوں رہروِ خستہ کو دلیل

لذتِ کار سے خورشیدِ سحر بن جاؤ
خطِ تقدیر چلیپا ہے تو کیا ہوتا ہے
روز و شب گردشِ پیہم میں رہو پھر دیکھو
پردۂ غیب سے کیا چہرہ نما ہوتا ہے!

دلِ زندہ

نہیں کاغان و ہمالہ کے مناظر بھی مثیل
دلِ زندہ کے مچلتے ہوئے ارمانوں کے
اِک طرف صنعتِ ترصیعِ خداوندِ جلیل
اِک طرف معجزے اہلِ ہنر انسانوں کے!

میری آنکھیں بھی ہیں سر چشمۂ خونابِ رواں
ان کا آغوش بھی گہوارۂ کنہار و چناب
آسماں پوش مری آہِ شبانہ کا دھواں
ان کا دامن بھی ہے جولانگہِ رہوارِ سحاب

ان کی فطرت سے ہے نیرنگیٔ قدرت کا ظہور
نشہ میرا نہیں ممنونِ خرابات و سبو
کوہِ الوند کہ ہوں قاف کے برج و بارو
اپنی جبروت کے باوصف جمادِ مجبور

برگِ نے، دستِ صبا، شعلۂ طور، آتشِ گل
تذکرہ زہد و ورع کا، ہوسِ مطرب و مُل
پاسِ پیمانِ وفا، صحبتِ یارِ سرِ پُل
ایک مجموعۂ اضداد ہے یہ نادرہ کار
دل کہاں اور کہاں سلسلہ ہائے کہسار
سنگِ یخ بستہ پہ ہے جن کی فضیلت کا مدار!

مہران موج

آہوئے آوارہ کا اندازِ رم آتا ہے یاد
شاہدانِ سندھ کی جہرت فروشی ہے بلا
چاندنی راتوں میں مہ سیما کنارِ رودِ سندھ
کرتے ہیں بزمِ ثریا کو نظر گاہِ حیا
اِک بتِ سندھی نے ہم کو بھی لُبھایا کچھ دنوں
ہم مگر طولِ غمِ دل کو نہیں رکھتے روا
گرچہ خاطر خواہ تھی زخمِ تمنّا کی خلش
دل سلامت تھا بحمد اللہ سلامت ہی رہا!

ایک ذوقی چیز ہے از بسکہ تحسینِ کلام

قدر داں مشکل سے ملتا ہے دُرِ شہوار کا
جنسِ کاسد بن کے آئے ہیں جہانِ زار میں
خوگرِ نالہ نہیں لیکن فقیرِ بے نوا
ہم تمنّا کوش دیکھیں گے مآلِ آرزُو
کارواں اپنی اُمنگوں کا رواں ہے بے درا!

درعنفوانِ جوانی...

کبھی لمسِ سرِ مضراب سے نغمات کا سیل
پھوٹ بہتا تھا ترے بربطِ مستانہ سے
جب گراں باریٔ جذبات سے بیخود ہو کر
پھول۔ انگارے نکلتے لبِ دُردانہ سے

خواب آلُود نگاہوں کے حیا بار پیام
دلِ بیتاب کی دھڑکن کے امیں ہوتے تھے
خلوتِ ناز کے سرجوش خماریں افسوں
کتنے بیگانے مگر کتنے قریں ہوتے تھے

دل خیاباں تھا ترے جلوؤں کی آرائش سے
تیری خوشبو سے مہکتا تھا جنوں کا صحرا
گردشِ شام و سحر رُک سی گئی تھی شاید
سحرِ بابل بھی ترے سامنے شرمندہ تھا

وہی دل ہے وہی مضمونِ وفا ہے لیکن
جو شکن کاکلِ پیچاں میں ہے برہم تر ہے
لب شکر خند باندازِ مدارا ہے فقط
وہ نوازش کہ دلِ زار پہ تھی کم تر ہے

وہ نظر جس نے سرافراز کیا تھا مجھ کو
آج کہتی ہے کہ رُسوائے سرِ عام نہ کر
بھول جا عہدِ تمنّا کی بہاریں یادیں
تھا وہ اک خواب۔ نظارہ مجھے بدنام نہ کر

نشۂ بادۂ احمر میں نہ سوچا میں نے
ٹوٹ جائے گا ترے مرمریں جلووں کا حصار
آشنا یا نہ پُر اسرار نگاہوں کا طلسم
کبھی ہو جائے گا سر جادۂ نسیاں کا غبار

میں نے چاہا بھی اگر تجھ کو بہ نادانئ شوق
جرأت آموزِ تمنّا تھی تری پرسشِ ناز
نہ رہا حرفِ جنوں حدِّ ادب کا پابند
لبِ وارفتہ کی لرزش سے ہوا تھا آغاز

حُسن پُرکار تھا آخر متلوّن نکلا
عشق سودائی تھا یک دانۂ دل ہار گیا
آج اس دل پہ ہے الزامِ فریبِ وحشت
جو تری جلوہ گہِ ناز سے خونبار گیا

میں ان ایّامِ چراغاں کو بھلا دوں کیسے؟
کہیں پھونکوں سے چراغِ گُلِ تر بُجھتا ہے
صلۂ جُرمِ تمنّا ہے دوامِ کلفت
ملتہب ہو کے کہیں سوزِ جگر بُجھتا ہے؟

ذکر و فکر

یادِ ایّام کہ تھے لالہ رخوں سے پیماں
ہائے وہ جوشِ بہاراں وہ جنوں کے ساماں

گنگناتے ہوئے لمحات کا پُر سوز سرود
عشرتِ صحبتِ خوباں کا گدازِ پنہاں

خالِ مشکیں سے کبھی رخصتِ صبر و تمکیں
نقدِ ایماں کبھی رعنائیٔ قد پر قرباں

کاروبارِ ہوس و شوق کے چرچے دن رات
کبھی نوشِ لبِ لعلیں، کبھی نیشِ مژگاں

شعلۂ کرمکِ شب تاب و چراغِ شبِ ماہ
یعنی ہر گام پہ فانوسِ جمال افروزاں

اب بھی یاد آتے ہیں اکثر شبِ تنہائی میں
دوش و بازو پہ کسی شعلہ بدن کے احساں

ہائے کیا دن تھے کہ آباد تھا ویرانۂ دل
حاصلِ عمرِ رواں تھے وہ مہ و سالِ جواں

اب بھی ہو سکتی ہے آرائشِ کاشانۂ دل
اب بھی مائل بہ کرم ہیں لب و رخسارِ بتاں

بسکہ دل سوز ہیں اب بھی یہ حکایاتِ جنوں
وہ جگر کاوی و سوزِ دلِ مرحوم کہاں؟

ذوق پرور نہیں افسونِ خد و خال کا ذکر
نکہتِ پیرہن و آتشِ سیّال کا ذکر

بھڑک اُٹھّے نہ کہیں آتشِ رفتہ پھر سے
پھر کیا تُو نے کسی شوخِ جواں سال کا ذکر

توسنِ شوق نئی راہ پہ چل نکلا ہے
آ نہ جائے کہیں اس جادۂ پامال کا ذکر

اور بھی فرصتِ ہستی کے ہیں مصرف کتنے
ہم نشیں چھیڑ نہ گزرے ہوئے احوال کا ذکر

آشنا ہوں نئے نغموں کے بم و زیر سے گوش
کیوں نہ چھیڑیں نئے سُر تال کا ذکر

کب سے بے لذتِ پروازِ ہیں مرغانِ اسیر
آ کے بن سوختہ جانوں سے پر و بال کا ذکر

ذوقِ باغی ہے روایاتِ گُل و بُلبل سے
کون سُنتا رہے ماضی کے فرو فال کا ذکر

غمِ گیتی غمِ جاناں سے کہیں بھلا ہے
آہ یہ رنجِ گراں جس کا مداوا نہ ہُوا

عرصۂ جہد و طلب میں غمِ محرومی کا
بادِ ایام سے درماں کبھی ہو گا نہ ہُوا

عارض و لب کی حلاوت سے بھی چاہا اکثر
کبھی تدبیرِ الم ہو مگر ایسا نہ ہُوا

ان سہاروں سے مٹی پر نہ مٹی تلخیٔ زیست
شوق کس کس طرح اس کوچے میں رسوا نہ ہُوا

حسن و الفت کی حکایات دلآویز سہی
لیکن ان سے کبھی آساں غمِ فردا نہ ہُوا

آج رگ رگ میں ہے بیتابئ احساسِ نمو
آتشیں لذتِ تخلیق سے ہیں کوہ و دمن

دیدہ و دل کے حجاباتِ کہن چاک ہوئے
فکر و احساس نے اوڑھا ہے نیا پیراہن

رات کی تیرہ فضا اس سے پگھل جائے گی
نورِ خورشید سے رنگیں ہے سحر کا دامن

جزر و مد بربطِ گیتی کے حزیں نغموں کا
میرے آئینۂ افکار میں ہے عکس فگن

شعلہ زن ہے رگِ الفاظ میں خونابِ جگر
تجربہ گاہِ حوادث میں پلا ہے مرا فن

کب تلک کرتے رہیں مدحِ اسالیبِ قدیم؟
وائے بر شیوۂ فرسودۂ ابنائے زمن

کب تلک شاہدِ نغمہ پہ سلاسل کی گرفت؟
کب تلک قسمتِ افکار میں زندان و کفن؟

عرصۂ دہر میں نغموں کو پر افشاں کردیں
لیلیٰ شعر کی زُلفوں کو پریشاں کردیں

ذوقِ تخلیق سے کر لیں نئی دُنیا تعمیر
شوقِ تجدید سے صحرا کو گلستاں کردیں

بخش دیں ذرّۂ ناچیز کو خورشید کا سوز
گلِ پژمردہ کو رشکِ دُر و مرجاں کر دیں

حسن کاری کو کریں قدغنِ بےجا سے رہا
اور فن کار کو تقدیر بداماں کر دیں

بزمِ آفاق میں برپا ہوں وہ اقدارِ حیات
پھر سے جو عظمتِ انساں کو نمایاں کر دیں

یادِ ایّام کے جادُو سے نکل کر خالدؔ
زورِ کردار سے افلاک کو رقصاں کر دیں!

غزل

نشاطِ نغمہ بھی ہے، مستیٔ خمار بھی ہے
ترے جمال میں رعنائیٔ بہار بھی ہے

نگاہِ ناز کی محجوب سحر آگینی
ادب نواز بھی ہے شوخ و شرمسار بھی ہے

سرور و سُکر کا عالم عجیب عالم ہے
کہ خواب و خمر بھی ہے شعلہ و شرار بھی ہے

اِک اضطراب اِک احساس تشنہ کامی کا
ترے حضور میں ہیجان بھی قرار بھی ہے

صبا! وہ سروِ رواں گر ملے تو کہ اس سے
کسی کو شامِ الم تیرا انتظار بھی ہے

تو میرے خندۂ مسرور و مطمئن پہ نہ جا
اِک آرزو مرے پہلو میں سوگوار بھی ہے!

دیوارِ چین

ساتھیو! ساتھیو!
صبح کے وقت تم
کونسی راہ سے آئے ہو
تم نے دیکھا ہے کیا
فوجیوں کو گلی کوچوں میں
ان کے کاندھوں پہ بار گراں
مادرِ چین کی حرّیت کا نشاں
ان کے تم بھی معاون بنو
ان کی خدمت کرو
ان کے آرام کا دھیان ہر شخص کا اوّلیں فرض ہے

وہ لڑیں گے
وہ مر جائیں گے
جانِ شیریں کو اپنے وطن پر وہ قربان کر جائیں گے
ساتھیو! ساتھیو!
تم کو کس چیز کا خوف ہے
حوصلہ، حوصلہ
دستِ باطل شکن کو اٹھاؤ ذرا
ان کی ہمت بڑھاؤ ذرا
ہاں کہو چین پائندہ باد
امن و جمہوریت زندہ باد
سو سے اُوپر کساں
سر بلند و جواں
آ رہے ہیں ادھر
ان کے قلب و جگر
غصّہ و غم سے لبریز ہیں
ان کے خنجر بہت تیز ہیں
دُشمنِ بد نہاد

چھین سکتا ہے ان سے متاعِ نبرد
(یعنی ان کی یہ توپیں، گنیں
عرصۂ جنگ میں چھینی جا سکتی ہیں)
پر دھڑکتے، مچلتے، تڑپتے دلوں کو
مسخّر نہ کر پائے گا

ان کے پہلو میں سیسہ ہے، فولاد ہے
ایک نعرے کی گونج
ایک شورِ ستیز، ایک بانگِ رجز
ریت پر ہیں جواں خون کے تازہ تازہ نشاں
اپنے خنجر بڑھائے ہوئے
سرزمینِ وطن کی جلالت کا پرچم اُٹھائے ہوئے
عورتیں بچّے نعرہ زناں موج در موج
آگے بڑھے آتے ہیں

موت سے مرد ڈرتے نہیں
جو قدم آگے بڑھ جائیں پھر پیچھے ہٹتے نہیں
ہو رہی ہے یہاں ایک تازہ جہاں کی نمود
اور بدلنے کو ہے رنگِ چرخِ کبود

سو سے اُوپر کساں
سر بلند و جواں —
ایک دیوارِ آہن کہ دیوارِ چیں
ہاں بدل دیں گے یہ محورِ آسمان و زمیں
برف باری رُکی
ہاتھ، چہرے، بڑھے
سب کے سوئے زمیں
بچّے بیٹھے ہوئے
کھیلتے ہیں حسیں برف کے گالوں سے
اشک ہیں
یا کہ تلوار کی دھار ہیں!
پونچھ لیتے ہیں وہ اپنے آنسو تمام
اور پکار اُٹھتے ہیں
دشمنِ بد نہاد
مردہ باد
برف باری رُکی
سو سے اُوپر جواں

برف کے تودے پیچھے ہٹاتے ہیں میدان سے
اور لہو کے نشاں
گلستاں ، گلستاں
غم کی آندھی رُکی
اور مِل جل کے سب
ہو گئے محوِ رقص و طرب!

(چینی)

مکافات

ہے نہاں عجز میں سرفرازی کا سِرِ خفی
دل میں مواج ہے گر تمنائے بالیدگی
نغمۂ ناشنیدہ بنو نکہتِ نادمیدہ بنو
سر بلندی کا ارمان ہے تو خمیدہ بنو
یوں زمانے میں دارائے خُلقِ حمیدہ بنو
گر تمہارے ظروف واوانی ہیں خالی تو پھر کیا ہوا
وقت کا مہرباں ہاتھ بھر دے گا مُنہ تک انہیں عنقریب
جن کے ایوان پہلے ہی معمور ہیں
گر انہوں نے یہیں اپنی جنت بسالی تو پھر کیا ہوا
ظالموں کو پسِ مرگ کنجِ لحد بھی نہ ہو گا نصیب
جس کو بخشی گئی علم و برہان کی، ذوق
و وجدان کی اہلیت

زیرِ افلاک وہ جانتا ہے ہر اک چیز کی ماہیت
چونکہ اس میں تفاخر نہیں آرزوئے نمود و
نمائش نہیں
اس سبب سے دمکتا ہے تابندہ ہوتا ہے وہ
نعرہ بازی سے بیکار شہرت کی خواہش نہیں
بے تکلف خرامندہ ہوتا ہے وہ
خود ستائی نہیں خود پسندی نہیں اور نہ اکڑ نہیں
اس سبب سے سرافراز ہوتا ہے پایندہ ہوتا ہے وہ
اپنی تخلیق پر اس کے دل میں غرورِ صناعت نہیں
جھوٹا احساسِ نخوت نہیں
اس لئے اس کا شہکار مٹتا نہیں
سینۂ دہر پر ایک نقشِ جمیل، ایک نقشِ دوام
اِک زیارت گہِ خاص و عام!

(چینی)

اوسطِ زرّیں

وہ جو عزمِ تسخیر کرتا ہے سارے جہاں کا
نہاں کا عیاں کا
کبھی نصرتوں سے نہ سرشار ہو گا
ہمیشہ ہزیمت سے دوچار ہو گا
زمیں پر جو کچھ بھی ہے سمجھو اسے ایک ظرفِ مقدّس
اسے اپنے ذاتی تصرّف میں لانے کی کوشش کرو مت
نہ اس پر بگھارو تعلّی، جتاؤ نہ قبضہ نہ قدرت
اسے اپنے قبضے میں لانے کی کوشش اگر کی
تمہارا تمسخر اُڑائے گی ناکامی و نامرادی

کہ اس کارگاہِ جہاں میں

ادب گاہِ سود و زیاں ہیں

ہر اک شے کی ہے آگے بڑھنے کی، پیچھے پلٹنے کی ساعت معیّن

نفس کے بم و زیر کا قاعدہ ہے

شباب و کہولت کا اِک دائرہ ہے

بگڑنے سنورنے کا، تعمیر و تخریب کا ایک دستور ہے ضابطہ ہے

اسی وجہ سے جو بھی اہلِ نظر ہے

اور احوالِ ایّام سے باخبر ہے

وہ چُنتا ہے اپنے لئے اعتدال و توازن کا رستہ

اور افراط و تفریط سے چلتا ہے اپنا دامن بچا کے

نہایت پسندی کے کانٹے ہٹا کے!

(چینی)

غزل

پھر ترے آستاں پہ لے آئی
کھینچ کر لذتِ جبیں سائی

پیش و پس کو بہائے جاتا ہے
تیرا سیلابِ رنگ و رعنائی

ایک پردہ ہے خود فریبی کا
یہ مرا ذوقِ نغمہ پیرائی

مطلعِ صبحِ نو بہار بنے
اس مجسّم حیا کی پیدائی

نظر احساسِ حُسن سے مخمور
لعلِ خوش آب ہیں مسیحائی

دیدنی ہے ادائے مجبُوبی
سارے انداز ہیں زلیخائی

آفتِ عقل و ہوش ہے خالدؔ
اس پری رو کا حُسنِ صحرائی

سکوتِ شام

آسماں پیراہنِ خونیں میں ہے
دور۔ مغرب کی پرافشاں ظلمتوں میں
ڈُوبتا ہے آفتاب
آسماں کی سُرخ نیلی جدولوں پر
چند مبہم سے اشارے
چند افسانوں کے خدّو خال اُبھرتے آتے ہیں
آ رہی ہیں میرے کانوں میں یہ کس کی ہچکیاں؟
سُن رہا ہوں کس کے دل کی دھڑکنیں؟
چاند تارے فکر میں غلطاں تمام
رات گہری سوچ میں کھوئی ہوئی

رہگذارِ کہکشاں ——
اِک کشتۂ حرماں کا مدفن ہے
جہاں آنسو چمکتے ہیں
غمِ صد برگ کے کھلتے ہیں پھول
اِک سکوتِ ناشکیبا ، اِک سرودِ سوزناک
یہ ترے افلاک پر چھایا ہوُا
یہ تری دُنیا پہ لہرایا ہوُا
یہ ترا نغمہ ہے اے پروردگارِ جانِ پاک!
یا کسی صد چاک دل کا نالۂ اندوہناک؟

اسلامیہ کالج، لاہور

الوداع اے ارضِ کالج کی فضاؤ الوداع
الوداع اے زمزمہ آگیں ہواؤ الوداع

الوداع اے پھیلے پھیلے مرغزارو الوداع
الوداع اے قصرِ حمرا کے منارو الوداع

الوداع اے وادئ رومان پرور الوداع
الوداع اے خطّۂ انسان پرور الوداع

تیرے رمنوں میں گزارا زندگی کا عنفواں
بے نیازِ فکرِ دوراں غرقِ جامِ ارغواں

ان در و دیوار سے کسبِ ضیا کرتے رہے
فطرتِ ناپختہ کی نشو و نما کرتے رہے

حکمت و دانش کی قندیلیں فروزاں ان سے ہیں
نیم روشن نیم رس جوہر نمایاں ان سے ہیں

چشمِ شاعر مایہ اندوزِ بصیرت ان سے ہے
مستنیر و نکتہ آموزِ حقیقت ان سے ہے

سیرت و کردار کی تشکیل ہوتی ہے یہاں
نو دمیدہ فکر کی تکمیل ہوتی ہے یہاں

کتنے انساں علم کے سانچوں میں ڈھلتے ہیں یہاں
کتنے ہی فرزانہ و فنکار پلتے ہیں یہاں

آدمیت کے یہاں بالغ نظر فرزند ہیں
کتنے سیاس و اولو العزمانِ دانشمند ہیں

ابنِ آدم کی نگاہوں میں مچلتی ہے یہیں
خود شناسی ، خود نگہداری کی رمزِ آتشیں

ہاں وجودِ آدمِ خاکی نکھرتا ہے یہاں
ہاں شعورِ خام و ژولیدہ سنورتا ہے یہاں

ہیکلی و ربَوَاز کے شاداب لالہ زار میں
صبحِ عشرت انتما و شامِ نغمہ بار میں

زندگی گویا شباب و شعر کا طوفان تھی
ہر ادائے شرمگیں غارت گرِ ایمان تھی

بارہا چھپ چھپ کے کی ہیں عشق نے سرگوشیاں
وہ سکوتِ جانفزا وہ حسن کی خاموشیاں

کچھ عجب انداز تھا دل کے نیاز و ناز کا
حالتِ شوریدہ و کیفیّتِ غمّاز کا

ہستیٔ معصوم اک بزمِ و سبک افسانہ تھی
نوجوانی کے نشے میں ہر نظر مستانہ تھی

بے حجابانہ شفق زاروں میں کھو جاتے تھے ہم
بے خودانہ خلوتِ جاناں میں سو جاتے تھے ہم

جس جگہ سے ہم نے پایا فیضِ سوزِ جاوداں
جس جگہ ٹھہرا رہا چھ سال اپنا کارواں

اس گلستاں سے ہمیں حکمِ سفر ہے آج کل
دعوتِ تعمیرِ دُنیائے دگر ہے آج کل

ہمدمِ دیرینہ تجھ سے آج رخصت ہوتے ہیں
لا ابالی رند وقفِ رنجِ فرقت ہوتے ہیں

عہدِ ماضی کی حسیں یادوں کو دامن میں لئے
اپنی بربادی کا آبادی کا یہ ساماں گئے

رخصت اے میخانۂ علم و ہنر جاتے ہیں ہم
زندگانی کو نواسنجِ فغاں پاتے ہیں ہم

قطرہ دریا آشنا و ذرہ صحرا دست گاہ
فکرِ چابکدست کرتا ہے شکارِ مہر و ماہ

آج اپنی سمت کتنی راہیں وا آغوش ہیں
منتظر رندوں کے کتنے بادۂ سر جوش ہیں

تیری دُنیا ناز تھی انداز تھی افسانہ تھی
مطرب و ساقی تھے ہم تھے گردشِ پیمانہ تھی

آہ پر تبدیل یہ رنگِ زمانہ ہو گیا
مدرسے سے قافلہ اپنا روانہ ہو گیا

تجھ سے وعدہ کرتے ہیں اے علم و حکمت کے حصار!
زندگی کی دوڑ میں بڑھ چڑھ کے ہوں گے گرمِ کار

اس مقدّس نام کو بخشیں گے ہم تا بندگی
سربلندی ، سرفرازی ، شہرت و رخشندگی

ایک دن گونجے گی تیرے ذکر سے بزمِ وطن
داستاں در داستاں اور انجمن در انجمن

جو سبق سیکھا ہے تجھ سے یاد رکھیں گے اسے
سبز رکھیں گے اسے آباد رکھیں گے اسے

تیرے نغمے اس سمندِ شوق کو مہمیز ہیں
کارواں سالار تیرے ہی حدیٰ سے تیز ہیں

تیرے ہی اربابِ دانش سے ملا درسِ حیات
تیرے ہی نکتہ وروں نے کھولے سرِّ ممکنات

اندرونِ سینہ جو سوزِ نفس ہے تجھ سے ہے
تیرے ہی رطلِ گراں سے کانپتی ہے میری لے

شدّتِ جذبات سے اب کچھ کہا جاتا نہیں
پر دلِ مجبور سے پھر بھی رہا جاتا نہیں

یہ ترا فیضانِ بے پایاں سدا جاری رہے
قلبِ ناداں کے لئے تیری نظر کاری رہے

رات دن انساں تری آغوش میں پلتے رہیں
باخبر بنتے رہیں اخلاق میں ڈھلتے رہیں

یوں پھلے پھولے ترا گہوارۂ علم و ہنر
یوں روایاتِ کہن ہوں زندہ تر پایندہ ترا

واسوخت

یہ کس مغنیِ آتش نوا نے چھیڑ دیا
افق کے پار کہیں زمزمہ تمنّا کا؟

اک ارتعاش ہُوا دل میں جب بہ کیفِ تمام
فضا میں نغمۂ اندوہ گیں بلند ہُوا

یہ کس کا حُسنِ مجسّم سوال ہے پھر سے:
ہجومِ نغمہ و گُل میں تو مجھ کو بھُول گیا؟

یہ کس کی تمکنتِ ناز منفعل ہو کہ
ادائے شرم سے کہتی ہے ماجرا دل کا

کہاں پہ کھو گئی تاثیر چشمِ پُر فن کی
کہ اب نہ ذوقِ طلب ہے نہ امتحانِ وفا؟

اِک التجائے خفی ، اک ادائے استرحام
تری نگاہ کے خاموش ان کہے پیغام

حدیثِ راز کی سر مستیوں میں کھوئی ہوئی
وہ قربتوں کی حلاوت وہ عیشِ برق خرام

یہی اثاثہ ہے میرے دیارِ حرماں کا
متاعِ عشرتِ آغاز و حسرتِ انجام

اسی سے روشن و رنگیں ہے شامِ غم اے دوست
اسی سے مجھ کو گوارا ہے کلفتِ ایام!

تو میری چُپ کو سمجھتا ہے رنجشِ بے جا
میں سوچتا ہوں کہ تیرا جمال رُسوا ہے

لطیف و شوخ ہیں حُسنِ ملیح کے انداز
پر ان سے خواہشِ تحسینِ عام پیدا ہے

سپُردگی بھی تلوّن بھی برہمی بھی ہے
ادا ادا میں نئی رمز ہے اشارا ہے

گُلِ شگفتہ فغاں سنج ہے کہ تیری نگاہ
فریب خوردۂ رنگینیٔ تماشا ہے

وہ پاسداریٔ ناموسِ خلوتِ محجُوب
نکل کے نافۂ آہو سے مشکِ صحرا ہے

ترے جمال کے پرتو سے جو گُل افشاں تھی
وہ سوز و ساز کی محفل چراغِ کشتہ ہے

تُو دل نواز ہے پر تیرا حُسنِ عیش طلب
وفا کی جنسِ گرامی سے ناشناسا ہے

نہ ڈھونڈھ مجھ کو گلستاں کے کُنجِ خلوت میں
کہ دل پذیر نہیں تیرا عشوۂ پرکار

چراغ بجھ گئے ، خاموش ہو گئے فانوس
اُلجھ کے رہ گئے تیری نگاہ کے اسرار

ربابِ عیش و طرب پر ترانہ سنج نہ ہو
کہ جاں نواز نہیں تیرا نغمۂ سرشار

نہ پُوچھ جنّتِ گم گشتہ کی بہار اے دوست
بہارِ جنّتِ گم گشتہ ہے خزاں آثار

غمِ حیات کی راہوں میں گام فرسا ہوں
کہ سازگار نہیں مجھ کو نزہتِ گلزار

حریمِ شوق میں اب میرا انتظار نہ کر
نگاہِ ناز کو منّت کشِ خمار نہ کر!

اعجاز

یُوں نوا سنج ہُوا راویِٔ فرخندہ مقال
ساقیِٔ صبحِ نخستیں نے یہ ارشاد کیا:
مغبچو! آج سے گردش میں رہیں پیمانے!

عشق نے جب یہ سنا تو پئے تقریبِ وصال
گرم جولاں ہُوا جنّت کے خیابانوں میں
رامش و رنگ کے بہتے ہوئے میخانوں میں
ناگہاں اُس نے سنی پیچھے سے جھانجھن کی صدا
ساتھ ہی موت کا تاریک ہیولیٰ اُبھرا
مرتعش جس کے لبوں پر تھے سخن انجانے
"دُور ہو عشرتِ گلگشت کو برباد نہ کر"

عالمِ یاس میں پر عشق نے تولے اپنے
دمِ رخصت یہ کہا: "دل کو مگر شاد نہ کر

بادۂ زیست سے رنگیں ہے ترا جامِ سفال
زیست ہی اس کو یہ تنویر عطا کرتی ہے
گردشِ شام و سحر اس میں فسوں بھرتی ہے
زندگی تیری ہے وابستۂ دورِ مہ و سال
وہ تمازت تو فقط سایۂ آشفتہ خیال
سایہ کی موت ہے افسردگیٔ مہرِ منیر
مرے فیضان سے ہر لمحہ جواں عالمِ پیر
زالِ دُنیا مرے اعجاز سے نوشابہ جمال!"

مکالمہ

"یہ ناتواں جو سرِ رہگذار بیٹھے ہیں
قمارِ زیست میں ہر داؤ ہار بیٹھے ہیں

ستیز گاہ سے روپوش و روسیہ ہو کر
نجانے کس لئے اب سوگوار بیٹھے ہیں

رمِ حیات کی گرمی نہیں رگ و پے میں
اسیرِ کشمکشِ انتظار بیٹھے ہیں

انہیں گلہ ہے اگر، ہو، گلے سے کیا ہو گا
لوگ اپنا زمانہ گزار بیٹھے ہیں

حریفِ گردشِ لیل و نہار ہو نہ سکے
شکست خوردہ ہیں سینہ فگار بیٹھے ہیں

جب آئے بزمِ شبانہ سے نامراد آئے
پسیدہ دم یہ مجسّم خمار بیٹھے ہیں

فریب کھا گئے آخر نگاہِ پُر فن سے
یہ ہوشیار جو دیوانہ وار بیٹھے ہیں

یہ تیز گام بڑے عزم لے کے اُٹھتے تھے
پر آج کاکُلِ گیتی سنوار بیٹھے ہیں

بساطِ دہر پہ اس طرح مات کھائی ہے
نشاطِ رُوح کا سرمایہ ہار بیٹھے ہیں

"ترے حریمِ طرب میں نزولِ مستی و کیف
نوائے بانوئے ناہید و نغمۂ زہرہ

بتانِ سیم تن و لعبتانِ زرّیں تاج
زمیں پہ قافلہ اُترا ہو جیسے انجم کا

مآلِ ذوقِ نظر تجھ پہ آشکار نہیں
تری ہوس کو ہے صہبائے خام کا سودا

شکست و فتح تو معیارِ ذوق و شوق نہیں
شکستہ پا ہیں تو کیا حوصلہ نہیں ہارا

ہمیں ملا ہے جہاں سے جہاں کا سوز و گداز
اسی تڑپ سے رہیں گے ہمیشہ شعلہ نوا

برہنہ سر تو ہیں پر ہیں رقیبِ گردشِ دہر
یہ خاکسارِ جہاں، بے نوا، دریدہ قبا

ہمارے جیب و گریباں ہیں چاک، چاک سہی
ہم اپنے جیب و گریباں کے چاک سی لیں گے

حیات تلخ سہی، نوشِ انگبیں نہ سہی
ہمارے کام و دہن دُردِ زیست پی لیں گے

حریر و مخمل و دیبا کی آرزو ہی نہیں
ہمیں تو جینا ہے خاشاک و خس پہ جی لیں گے

چراغِ راہگذر بُجھ چکا ہے، بُجھنے دو
دل و نظر کے چراغوں سے روشنی لیں گے

رہِ وفا میں بہر گام ہیں نشیب و فراز
بڑھے گئے تو نشیبوں کو پاٹ ہی لیں گے

حصارِ ظلم کی دیوار سخت ہے لیکن
لگے رہے تو یہ دیوار چاٹ ہی لیں گے

نشاطِ فکر و عمل کی جنوں نوازی سے
غمِ جہاں کے کڑے کوس کاٹ ہی لیں گے

ہمارے جیب و گریباں ہیں چاک، چاک سہی
ہم اپنے جیب و گریباں کے چاک سی لیں گے"

وقت

وقت تخلیق کا چشمہ ، ہر چیز کی اصل ہے
وقت کے فیض سے بہ مکاں، لامکاں، فصل ہے، وصل ہے
زندگی اِک مجالِ نفس۔ وقت کی کوکھ سے
وقت کی گود میں
وقت پرواز ہے اس کو ذوقِ نشیمن نہیں
وقت آزاد ہے قیدیٔ جیب و دامن نہیں
ہم سب اک کارواں ہیں جو ہے
آفرینش کی صبحِ نخستیں سے گرمِ سفر
حاکمِ وقت کے سامنے کس کو ہے تابِ چون و چرا
کس جواں عزم کا حوصلہ وقت کو جو کہے نا سزا
کس لئے پھر یہ نغمے یہ نالے یہ غوغائے
مرگ و حیات
کوئی آئے کوئی جائے پر گرمِ رفتار ہے کائنات!

سفر

زندگی ہے اِک سفر
ہولناک و پُر خطر
ڈوُب جاتے ہیں سفینے ناگہاں
پھیر لیتے ہیں نگاہیں بادباں
بحرِ طوفاں خیز کی پہنائیاں
جیسے خونیں پھاگ کھیلیں دیویاں
کالے منتر پھُونکیں جادُو گرنیاں
اپنا کھیون ہار ـــــ حسنِ اتّفاق
بے یقینی کے دھندلکوں میں رواں

کارواں در کارواں

اپنی اپنی منزلِ موہوم کو
دم بخود بے آسرا
پار لگ جاتا ہے بیڑا بعض کا
بعض بنتے ہیں نہنگوں کی غذا
سامنا ہے ایک دن اس بحرِ ہیبت ناک کا
ہے وہ زیرِ خاک بندرگاہ سب کا منتہا!

زندگی، اے زندگی!

زندگی، اے زندگی! ممکن نہیں تجھ سے مفر
اور ہے تو موت کی آغوش، قصّہ مختصر

تیرے کاٹے کا کہیں منتر نہیں دارو نہیں
بادۂ احمر سے بڑھ کر ہے تجھے خونِ جگر

تیرے افکار و حوادث بے شمار و ناگزیر
تیری جنبش سے جہانِ آرزو زیر و زبر

ہم نے مانا یہ مناظر ہیں مرقّع حُسن کا
کوکب و قلزم، زمین و آسماں، شمس و قمر

دامنِ فطرت ہے بیشک اِک بساطِ رنگ و بُو
اور گرماتے ہیں دل کو نو بنو جلوے ، مگر

ماحصل ان کا ہے کیا، جُز خوف و رنج و اضطراب؟
آسیائے دہر میں دن رات پِستا ہے بشر

حسرتیں آتی ہیں فوراً گوشمالی کے لئے
اتفاقاً بھی ہو دل سے گر مسرت کا گزر!

نگاہیں

رات کی سینکڑوں نگاہیں ہیں
دن کی ہے ایک ہی، مگر پھر بھی
قرصِ خورُ کے غروب ہونے پر
آسماں گیر تیرگی کی ردا
سارے عالم کو ڈھانپ لیتی ہے

ذہن کی سینکڑوں نگاہیں ہیں
دل کی ہے ایک ہی، مگر پھر بھی
شعلۂ آرزوُ کے بجھنے پر
زندگی کا سبُوچۂ نازک
اِک چھناکے سے ٹوٹ جاتا ہے!

آسُودگی

تمنّا تری ہم نشینی کی ہے
بس اِک ساعتِ مختصر کے لئے

کہ اس محنت آبادِ ایّام میں
فراغت نہیں دیدہ ور کے لئے

زمانے کو کہتے ہیں دارالاماں
خطاب اسپِ تازی ہے خر کے لئے

ہر اک فرصتِ عیش ہے باد پا
مزے کس نے رقصِ شرر کے لئے

کدورت، سرِ سفرۂ کائنات
مقدّر ہے کامِ بشر کے لئے

ہوئی جلوہ گر نو عروسِ بہار
بٹے ارمغاں نکہت و رنگ کے

چھڑے تذکرے بزم و بازار میں
مغ و ساغر و مطرب و چنگ کے

سنبھلتا نہیں دامنِ احتیاط — کہ ہیں جا بجا منظر ارژنگ کے
چلی کوئے جاناں سے بادِ مراد — کھُلے دفترِ آہنگ و فرہنگ کے

ذرا اپنے پہلو میں دے مجھ کو جا — کہ گلبن بنیں غنچے اُمّید کے
کریں چاند تاروں کے زینوں میں سیر — سنیں زمزمے سازِ ناہید کے
مذاقِ تحیّر ہو آسودہ کام — کھُلیں عقدۂ تثلیث و توحید کے!

اوّلِ شب

اکثر شب خاموش میں
اِک عالمِ مدہوش میں
قلبِ حزیں کی دھڑکنیں
جب پُر سکوں ہو جاتی ہیں
اور پہلوئے بے خواب میں
تھک ہار کر سو جاتی ہیں
دُور آسماں پر چاند بھی
تاروں کے مرمر زار میں
محجوب آب و تاب سے
کرنوں کا برساتا ہے نُور
جب ہر طرف خوابیدگی
زہرہ کے نغمہ زار سے
نوریں ردا کی شکل میں

آتی ہے اور چھا جاتی ہے
اس وقت میرے ذہن میں
جلتی ہے اک دیپک کی جوت
گزرے ہوئے ایام کے
کچھ گنگناتے قافلے
آ کر جلاتے ہیں دیئے
اور اپنے بچپن کی حسیں
اُجلی سنہری یاد میں
یک لخت کھو جاتا ہوں میں
نقش و نگارِ رنگ تھے
فردوس بر روئے زمیں
اک نو شگفتہ نو نہال
گلبرگ پیکر، خورد سال
مثلِ غزالہ خوش خرام
چابک سوارِ صبح و شام
حُسنِ خجستہ کام سے
سرمایہ اندوزِ بہار

فطرت کے اسرار دروں
جس کی فطانت پر نثار
سود و زیاں میں غوطہ زن
ہونا ابھی سیکھا نہ تھا
جب مصلحت کے داغ سے
دامن مرا میلا نہ تھا
کیا دور تھا طفلی کا دور
سوزِ نفس سے گرم تر
موجِ سحر سے نرم تر
لیکن مرورِ وقت پر
اے دل کیا ہے تُو نے غور
کیا میرے لب، میری زباں
اب بھی فریبِ وقت سے
ہیں مصلحت نا آشنا؟
کیا توتلے اظہار کی
باقی ہیں وہ بے باکیاں؟
کیا اب بھی دیکھا ہے کبھی

خورشیدِ عالم تاب کو
آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر
جیسے لڑکپن میں اسے
تم دیکھتے تھے بارہا؟

اے چاند اے جوئے رواں!
تیرے چمکتے چہرے میں
ہے کس قدر بیٹھا سکوں
جادُو بھری گھمبیرتا
اے آسماں کے دیوتا!

اس سوچ اس احساس سے
افسردہ ہو جاتا ہوں میں
تھک ہار کر کچھ دیر بعد
بادوں کی چادر اوڑھ کر
خوابوں میں کھو جاتا ہوں میں
اکثر شبِ خاموش میں
کرنوں کی نرم آغوش میں
رس پی کے سو جاتا ہُوں میں!

غزل

بوئے نسیم سے، کبھی بادِ شمال سے
کسبِ نشاط کرتا ہوں تیرے جمال سے

اس حسنِ بے حجاب کی شادابیاں نہ پوچھ
گویا کہ بے نیاز ہے فکرِ مآل سے

جل اُٹھتے ہیں حسین دیئے آرزوؤں کے
ایوانِ غم میں آج بھی تیرے خیال سے

گہ گہ مٹاتا ہوں غمِ دوراں کی تلخیاں
یاقوت رنگ ہونٹوں کے آبِ زلال سے

مہتاب وش نکھرتی ہیں افسردہ شوخیاں
اس چہرۂ صبیح پہ عکسِ ملال سے

سالِ نو

نو بہارِ رنگ و جلوہ ، نو نیازِ آب و گِل
سالِ نو ہے یا کہ نیرنگِ طلسمِ روزگار!

سالِ پیشیں بزمِ عالم سے روانہ ہو چکا
سیلِ آتش ناک تھا یا دیدۂ خوننابہ بار

ہاں مرورِ وقت سے گنجینۂ ماضی ہوئے
واژگوں بُت خانۂ ایام کے نقش و نگار

روز و شب کا کارواں قطعِ منازل کر چکا
یا ابھی رخشِ نگادر ہو رہا ہے تازہ کار؟

موجِ نیساں کا ہیولیٰ ہے غبارِ رفتگاں
مرقدِ شب سے ہوئی ہے صبحِ تازہ آشکار

ساغرِ دوشینہ مینائے سحر میں ڈھل گیا
جادۂ بزمِ صبوحی بن گیا تارِ خمار

ہو چکا اے خفتگاں خورشیدِ تازہ کا طلوع
نالۂ شب گیر کی لیکن وہی ہے گیر و دار

کون اقصائے جہاں میں معدلت گستر ہوا
حد سے گزری نخل بندانِ چمن کی تار و مار

ملّتِ مرحومہ ہے خو کردۂ عہدِ عتیق
بندگاں مسکین و رسوا، خواجگاں عالی تبار

جن کی ہر موجِ نفس خورشیدِ عالم تاب تھی
آج ان کے بام و در ہیں اور شبِ تاریک و تار

جرأتِ رندانہ کا مرہون ہے عرفانِ ذات
چاک ہے جمہور کے ہاتھوں قبائے شہر یار

اب نکل کر رنگ و بُو کے ریشمیں پیچاک سے
آ کریں کشتِ وطن کو خونِ دل سے آبیار

سالِ نو سے آ کریں تجدیدِ پیمانِ وفا
کشتگانِ عشق کی ہر شے ہے وقفِ یارِ غار

یُوں رہیں کب تک دُردی کشانِ بزمِ مے
ساتگیں ہیں ڈال لیں میخانے کو مستانہ وار

دشت میں آوارہ اِک مشتِ غبارِ ناتواں
یا تو منزل ہو سراپا، یا چراغِ رہ گزار

تُو نے سیکھا ہے فقط اک آیۂ سوز و گداز
بے کراں ہے اے سخن ور قدرتِ پروردگار

فکر سے وابستہ تہذیب و تمدّن کا فروغ
فکر کی صیقل گری سے چوبِ سحر ذوالفقار

جدّت و ابداع سے پاتا ہے فن نشو و نما
مانگتی ہے خونِ دل نہ بندیٔ نقش و نگار

جزر و مد رکتے نہیں سرچشمۂ فیضان کے
اکتسابِ فیض ہے پابندِ ظرفِ مے گسار

ہر طرف آفاق میں بیتابیٔ اظہار دیکھ
دانہ دانہ لذّتِ تخلیق سے ہے بیقرار

کھینچ اپنے مو قلم سے نقش ہائے رنگ رنگ
پیکرِ تصویرِ عالم تاب ہو خورشید دار

لحنِ داؤدی بھی ہو آہنگِ رستاخیز بھی
ممکناتِ زندگی کا شعر ہو آئینہ دار

ارضِ پاکستان ہو آفاق میں والا گہر
سلکِ مروارید گردوں اس کے طالع پر نثار

خالد و فاروق کی یادوں کو پھر تازہ کریں
خالقِ تقدیرِ عالم ہوں گدائے خاکسار!

غزل

اک غم نصیب کو ترے غم سے مفر نہیں
فکرِ جہاں سے مخلصی ہے بھی مگر نہیں

وہ آشنا نگاہ کم آمیز ہی رہی
اس نامراد دل کی دعا میں اثر نہیں

رنجِ گراں کے بوجھ سے تارے بھی تھک گئے
اس ظلمتِ فراق کی شاید سحر نہیں

پھر بھی نہ جانے قلب و نظر منتظر ہیں کیوں
مدت سے کوئی سایہ لبِ بام پر نہیں

واماندگئ دشتِ تحیّر ہے اور بس
یہ مختصر حیات مگر مختصر نہیں

سینے کی ظلمتوں میں سُلگتا ہے سوزِ عشق
دھندلی سی ایک یاد کہ نزدیک تر نہیں

صحرائے آرزو میں جرس ہے نہ سنگِ میل
دریائے خاک و خوں ہے تری رہگذر نہیں

خاکسترِ پروانہ

آیۂ توفیق ہے وجدان کیا عرفان کیا!
یمُنِ عشقِ لااُبالی ہے دلِ خوں‌نوا!
ارتفاعِ فن سے مٹ جاتا ہے محرومی کا درد
فکرِ فردا ، حسرتِ دوشینہ ، تصدیعِ خمار
چشمِ خوں‌نابہ فشاں کے فیض سے اکثر ڈھلے
شاہدِ ایامِ گُل کے جذبِ رنگا رنگ میں
لفظ و معنی کے طلسماتِ شگرف آہنگ میں
آفرینش ہے مداوا آگہی کے کرب کا
جذبۂ تخلیق ہے تقلیدِ خُلقِ کبریا
فن کے فانوسوں سے روشن ہے گزرگاہِ فنا

جس طرح قندیلِ رہبانی سے صحرا شام کا
یا بُتِ آئینہ سیما سے خراباتِ مغاں
یا دلِ لالہ کے داغوں سے فضائے گلستاں
اس طرح ایام کے گرداب میں سوتا ہے فن
جوہرِ آتش نہاں جیسے ضمیرِ سنگ میں
جیسے آغوشِ صدف میں ابرِ نیساں کا فشار
ساغر و مینا میں مستی، عود و بربط میں نوا
مدّتوں وقفِ تپش رہتا ہے دل فنکار کا
جب کہیں جا کے پرِ پروازِ بسمل سے بڑھے
کارواں گاہِ جہاں میں، گرمئ بازارِ شوق
جل اُٹھیں فکر و نظر کے آبگوں نقش و نگار!

دل ہے پہلو میں مرے اِک قافلہ سالارِ شوق
والہانہ نو خیال و تازہ کار
اِک بیاباں لالہ کاری، اِک نیستاں آرزو
شعلہ وش، مستانہ، آوارہ، تماشا آشنا

ایک قطرہ خوں پرافشانی سے دریا آشنا
نامرادانہ، پریشاں، بیقرار
وقفِ اندوہِ تمنا، رہنِ ذوقِ جستجوُ
برگ برگ اوراقِ محسُوسات کا شیرازہ بند
عاشقِ حسنِ بیاں، سودائی فکرِ بلند!

ماہِ نخشب کی طرح جو کرمکِ شب تاب ہیں
ہیں وہ بے تہ فیض پرورِدِ سپہرِ دوں نواز
ایک میں ہوں شعر و نغمہ کی مئے سرجوش سے
کلبۂ احزاں کی خلوت میں رہینِ سوز و ساز
یہ مرا سامانِ ذوق!
یہ مرا طغیانِ شوق!
زندگی ان کے لئے
شاہد و شمع و شراب و نقرہ و کمخواب ہے
اِک خمستانِ بادہ، اک تاتارِ مشکِ ناب ہے

زندگی میرے لئے
اک نگارستانِ نغمہ ، اِک خیالستانِ حسن
ذوقِ پروازِ خیال و شوقِ پیچ و تاب ہے!

سرنوشتِ لوح کا عنواں مبہم ہے تو کیا
عالمِ اسباب کا شیرازہ برہم ہے تو کیا
ہو قلم سے کھینچتا ہوں پردۂ قرطاس پر
چند خاکے۔ سوزناک و ناتمام و مختصر
گو کہ ان خاکوں کے تار و پود میں ہے خونچکاں
اِک جہانِ آرزو —— یعنی دِلِ بے خانماں
سُرخیٔ عنواں میں خونِ دل کی آمیزش بھی ہے
رشتۂ تارِ نفس ہے شعلۂ آوازِ نَے
حاصلِ آشفتگی لیکن یہی خاکے تو ہیں
برگ و بارِ نخلِ سال و سِن یہی خاکے تو ہیں
کسبِ آب و تاب کر کے آتشِ مینا سے کیا
یہ نہ ہوں گے رو کشِ انوارِ شمسِ بازغہ؟

ان کے جادُو سے غمِ دُنیا کو بہلاتا ہوں میں
عرصۂ ایام کو خوشبُو سے مہکاتا ہوں میں
ایک دن ہوں گے یہ خاکے مایۂ صد کہکشاں
تختۂ گلزار ہو گی مشتِ خاکِ رائگاں
خرمنِ صد آرزو پیدا دلِ ہر دانہ سے
بستیوں اُبھریں گے اِس خاکسترِ پروانہ سے!

بہار و خزاں

بہار آئی
سنہری کونپلیں پھوٹیں
فضاؤں میں تمہارا نغمہ لہرایا
در و دیوار پر ہے سبزۂ نورستہ کا جوبن
مہک اُٹھے گُل و گلشن
شبستاں ہو گئے روشن
کسانوں کی مشقت رنگ لے آئی
گھنی سرسبز فصلیں لہلہا اُٹھّیں
سرِ صحرا سمن زاروں کا منظر ہے

جواں جذبات کی ہلچل سے سرمستِ نوا ہو کر
فضاؤں میں تمہارا نغمہ لہرایا
گرسنہ چار پاؤں نے وہ سبزہ کھا لیا سارا
ہوائے زمہریری نے
لباسِ رنگ و بُو کو چھین کر یکسر
چمن کو کر دیا ننگا
درانتی کے مہیب و تیز دانتوں نے
زمرّد فام فصلوں کو چبا ڈالا
خزاں آئی
زمستانی ہوا کے سرد جھونکوں میں
اداس، افسردہ، یخ بستہ فضاؤں میں
تمہارے آتشیں نغموں کی مستانہ نوائیں اب
بھی اُبھریں گی؟

ایک سوال

صرصرِ وقت سے جب مشعلِ دل بُجھ جائے
کیا مرا فن بھی مرے ساتھ ہی کھو جائے گا
مرقدِ خاک میں سو جائے گا
یا جلا بخشے گا ایّام کے ایوانوں کو؟

لوگ آتے ہیں تڑپتے ہیں چلے جاتے ہیں
ان کے بعد آتے ہیں جو لوگ پرکھتے ہیں نہیں
یا انہیں قعرِ مذلت میں گرا دیتے ہیں
یا انہیں رفعتِ افلاک عطا کرتے ہیں

دیکھیں اس محنتِ خود سوز سے کیا حاصل ہو
بیٹھے بیٹھے کبھی دل میں یہ خیال آتا ہے
ہم مرے جذبۂ تخلیق بھی مر جائے گا
یہ مگر خام خیالی ہے دلِ ناداں کی

پھول مرجھاتا ہے اِک غنچے کئی کھلتے ہیں
کبھی رُکتی نہیں امواجِ یمِ کون و مکاں
بوڑھے جاتے ہیں جواں آتے ہیں
خاک اُڑتی ہے بہار آتی ہے

ہر گھڑی خاک میں ملتے ہیں کئی بطلِ عظیم
تپشِ کار وہی اور وہی رنگِ جہاں
کارواں رہتا ہے لمحاتِ گریزاں کارواں
ایک طوفانِ بلا خیز ہے سیلابِ حیات

جس کے گرداب میں غلطاں پیچاں
خس و خاشاک کی صورت ہم تم

فردِ واحد کی اس آشوب میں قیمت کیا ہے؟
نفسِ گلُ کی بیاباں میں حقیقت کیا ہے؟

تذکرۂ شوق

اسی زمانے کی گردشوں نے
کہ جس نے مجھ رندِ لا اُبالی کو محرمانہ
رموزِ شُربِ مدام سے آشنا کیا تھا
دل و جگر کی جراحتوں کو
شکن شکن چاک چاک نوکِ مژہ سے
صبح و مسا سیا تھا
تمہارے غمزوں کی کوئی رمزِ لطیف پا کر
حریمِ جاناں کی نرم و شاداب نزہتوں سے
طوافِ کوئے بُتاں کی آوارہ لذتوں سے
تمہارے جلوؤں کی مست و مدہوش نکہتوں سے
مشامِ جاں کو کبھی کا محرُوم کر دیا ہے

دیارِ ترک و طلب کی رسمیں بدل گئی ہیں
مزاجِ غم ایک نشأۂ تازہ سے ہم آغوش ہو رہا ہے
حریرِ زُلفوں کے پیچ و خم میں
غزال جلووں کے ذوقِ رم میں
علاجِ سوزِ نہاں کہاں تھا؟
علاجِ سوزِ نہاں کہاں ہے؟
سنا ہے تم نے بصد ادا کائنات اپنی الگ بسا لی
اِک اجنبی شہر کے تفرّج کدوں، ضیا بار رقص گاہوں
تھرکتے کوچوں، سمٹتی راہوں
طلسم انگیز پارکوں میں
تمہاری محشر خرامیوں کی
حکایتیں عام ہو رہی ہیں
صبیح چہرے کے اُجلے اُجلے نقوش کا دلربا تقدّس
سبُو کے ہمراہ بزم آرائے میکدہ ہے!

مجھے ازل سے ہُوا ودیعت

غمِ محبّت، غمِ زمانہ
دماغِ کفر آشنا و وجدانِ مومنانہ
حقیقت و شوخیٔ فسانہ ـــــــ
تمہیں مبارک نشیدِ قلقل
سرودِ انجم، صفیرِ بلبل
جنونِ مشاطگیٔ کاکل
زہے تبختر، زہے تغافل
مجھے تمنّائے سروری نے عطا کیا ہے
گدازِ الحانِ سارباناں
مذاقِ طوفِ دیارِ حرماں
ازل سے لکھّا تھا کلکِ قدرت نے طبعِ خالدؔ کو عاشقانہ
کہ یُوں ہی جذب و گریز کی کش مکش سے ہو عارفِ زمانہ!

غزل

گردشِ سیّارگاں، دورِ زمان و مکاں
فرصتِ یک دو نفس، معرضِ سود و زیاں

رونقِ بزمِ جہاں صبحِ نخستیں سے ہیں
عشق کی دل سوزیاں، حسن کی سرمستیاں

حسن ملائک فریب، عشق جنوں دستگاہ
ارضِ عجم میں لٹی سطوتِ کرد بیاں

سینے میں سیماب وار کب سے تڑپتا ہے دل
شاہدِ مقصود کا جلوۂ حیراں کہاں؟

چاک جراحت بھی ہے نسخۂ اعجاز بھی
یہ خمِ زُلفِ دوتا، یہ شکنِ ابرواں

جس کے طلسمات سے ہو دلِ خارا بھی موم
جس کی توجّہ کرے ذرّے کو سنگِ فساں

وہ نفسِ کیمیا آج زمانے میں ہے
یا لبِ شیوا بیاں یا کفِ گوہر فشاں

عرضِ تمنّا نہیں ایک نظر سے فزوں
حرفِ تمنّا مگر سلسلۂ بے کراں

گنجفہ بازِ خیال محفلیں برہم کرے
شوق فراہم کرے داغِ دلِ دوستاں

خانہ خرابی کرے ذوقِ نظر کا فساد
اِک نگہِ نیم رس، سو جگر آشوبیاں

کون ہے محرم یہاں رسم و رہِ شوق کا
زندگی محرومیاں ، عاشقی رُسوائیاں

یہ دلِ خوباں پرست ، مستِ شرابِ الست
خسروِ اقلیمِ شوق ، خاکِ رہِ دوستاں

یہ دلِ عزلت پسند ، بالِ ہما کو کمند
ساز و یراقِ یلاں ، زینتِ برگستواں

یہ دلِ آذر نفس ، جس کو نشیمن قفس
خونِ رگِ صاعقات ، خار و خسِ آشیاں!

عنبرہ

نسیمِ صبح کے انفاس ہیں طغیانِ عنبر ہے
فروغِ نکہتِ گُل سے مشامِ جاں معطّر ہے

فضائے رنگ و بُو میں خیمہ زن ہے ابرِ نیسانی
چراغانِ سحر ہیں برگِ تر کی شعلہ سامانی

بساطِ سبزۂ نم پر شرارِ گوہرِ غلطاں
محیطِ نیلگوں ہیں کرمکِ شب تاب ہیں پرّاں

روشن ہائے چمن پر یُوں ڈھلے ہیں اوس کے قطرے
قبائے پرنیاں میں جیسے زر اندود آویزے

دھنک، شعلے ہی شعلے، آتشیں برسات کی شامیں
شفق زاروں میں بیخود ارغواں جذبات کی شامیں

دھندلکے سرسراتے منظروں کو ڈھانپ لیتے ہیں
نگارانِ چمن رازِ چمن کو بھانپ لیتے ہیں

رواں ہے کہکشاں کی جوئے شیر آہستہ آہستہ
اٹھیں گے عابدِ کوکب ضمیر آہستہ آہستہ

سرشکِ لالہ گوں سے کشتِ شب کی آبیاری ہے
فضا پر والہانہ خلوتوں کا کیف طاری ہے

یہ افسوں سحر و مستی کے، یہ جادو جذب و رماں کے
غنودہ نیم وا لمحے، روپہلے خوابگوں جلوے

مگر یہ دلربائی صبح کی دوشیزہ رعنائی
ستاروں کا تبسم، مہر و مہ کی جلوہ آرائی

سکوتِ نیم شب کی شبنم آگیں خود فراموشی
یہ نغمے طائروں کے، یہ گلُ و لالہ کی سرگوشی
عنبر آبِ زہ تو نہ ہوتو یہ فقط اک تودۂ خس ہوں
دماغ آشفتہ ، دل افسردہ ، احساسات نارس ہوں

راہ و رسمِ منزلہا

مرے سامنے رہگذر اپنے دامن میں جلوے سمیٹے
جنونِ تماشا کو آمادۂ امتحاں کر رہی ہے
خیابان و صحرا کے گہواروں
فطرت کی بے قید پہنائیوں میں
یہ محسوس ہوتا ہے گویا حصارِ ہوس سے نکل کر
میں محبوب کی گرم و آسودہ آغوش میں آگیا ہوں
جہاں مجھ کو آفاتِ دُنیائے دُوں سے اماں مل گئی ہے
جہاں ذہن فکرِ پریشاں سے، دل اضطرابِ خفی سے
نظر انتشارِ نظارہ سے، سر بارِ آشفتگی سے
سبکدست ہو کر تر و تازہ و نوجواں ہو گئے ہیں
مرے سامنے رہگذر اپنے دامن میں جلوے سمیٹے

مرے شوقِ صحرا نوردی کو جنبش پہ اکسا رہی ہے

پس و پیشِ گُل کاریِٔ رنگ و بُو دیکھتا سینۂ رہگذر پر
ہوس سے منزّہ، خراماں خراماں چلا جا رہا ہوں
میسّر ہے مجھ کو توّل، فراغِ نظر کا شکیبِ جگر کا
نشیبِ زمیں کے سفالیں نظاروں کی رعنائیوں میں
سپہرِ زبرجد کے اجرامِ نوریں کی حسرت نہیں ہے
وہ اپنی جگہ ہی بھلے ہیں میں اس بات کو جانتا ہوں
مجھے اپنے فردوس میں ان بناتِ فلک کے بسانے کی
حاجت نہیں ہے!

یہ موجِ ہوا جس سے میرے نفس کا تلاطم، مرے
نطق کی لب کشائی
یہ اشیا جو میرے ہیولائے افکار کو بخشتی ہیں
خط و خال و احساس و پیکر

یہ بکھرے ہوئے راستے، یہ پیچ کھاتے ہوئے
رینگتے سرسراتے
ہیں اِک غیر مرئی حقیقت کے پرتو سے روشن بھی
اور مرتعش بھی
یہ ناسفتہ جلوے مرے دل کی آواز کے ہمنوا ہیں!

یہ شہروں کی بھرپور سڑکیں، یہ نقشِ کفِ پا سے
گلنار گلیاں
یہ حدِ نظر تک مکانوں کے آپس میں اُلجھے ہوئے
سلسلے سے
شفق پوش باموں کی سرگوشیاں بادلوں سے
یہ شفّاف آئینے یہ کھڑکیاں رازِ میخانہ کہتی ہوئی سی
یہ پتھر یہ زینے پھسلتے ہوئے یہ خمِ طاق و محراب
جن کو کہیں قوسِ مژگاں
یہ نو بادگانِ تمنّا، کہیں بنتِ پنجاب و ایراں
کہیں دُخترِ کافرستاں

کہیں زُلفِ بنگال کی تابداری، کراچی کے جلوے
کہیں دامن افشاں
یہ خوبانِ پرکار و سادہ شہیدِ نظر کے لئے
ایک طرفہ بلا ہیں!

مناظر چپ و راست سے پھیلتے جا رہے ہیں
مرقّع —— یہ سیّال و زندہ مرقّع —— شباب مکمل،
بہارِ مجسّم
غنا کی نشیلی مدھر تان دل سے جگر تک اُترتی ہوئی سی
یہ کافر جمالوں کی بربط نوازی
حسینانِ نو بر کی عشوہ طرازی
سرودِ لبِ رہگذر —— یعنی شارع کا شاداب و
سرمست نغمہ
مری رہگذر کیا تو مجھ سے یہ کہتی ہے مجھ کو نہ چھوڑو
مجھے چھوڑ کر تم ہمیشہ بھٹکتے رہو گے
بہت دیر سے تھی بس زحمت کشِ انتظار

اب مجھے اپنے قدموں سے پیوستہ رکھو؟
حسین رہگذر! چھوڑنے ہیں اگرچہ کوئی خوف مانع نہیں
پر مجھے تجھ سے وابستگی ہو گئی ہے
میں خود اپنے اظہار پر اتنا قادر نہیں، جتنی تو ہے
تری منزلت میرے دل میں مری نظم سے بیشتر ہے
مرا ذہن کہتا ہے سب کارنامے کشادہ فضاؤں
کے مرہونِ منّت رہے ہیں
سب آزاد نظموں کی تخلیق بھی زندہ ماحول
ہی میں ہوئی ہے
میں محسوس کرتا ہوں ایسے میں تعمیرِ ارژنگِ مانیؔ
و تخلیقِ فکرِ فلاطونؔ و دانتےؔ و رومیؔ و اقبالؔ
و غالبؔ بھی مشکل نہیں ہے

اب اس وقت سے کوئی حد، حد نہیں ہے
قیود و سلاسل کے افسوں تنگ و تاز پر اب
کمندیں نہ پھینکیں گے چھپ کر

جہاں چاہوں جاؤں میں اپنے ارادے میں مطلق ہُوں
اپنی قلمرد کا مختارِ کُلّ ہُوں
میں اوروں کی باتیں اگرچہ سنوں گا مروت سے
خندہ لبی سے
گراں مایہ پندو نصائح کے سرمائے سے بہرہ اندوز
ہوتا رہوں گا
عمل اس پہ لیکن میں خُذ ماصفا اور دَعْ ما کدر
کے مطابق کروں گا
مری خود نگہداری اب سے مری ذات کی
پاسبانی کرے گی
میں اپنے عمل کی صلابت سے تعمیرِ دُنیائے تازہ
کروں گا!
زماں و مکاں میرے اندر اُمنڈتے چلے آرہے ہیں
مشارق، مغارب سب اقصائے عالم
مرے حکم کے منتظر، میرے اقبال کے مدح خواں ہیں
ہر اِک شے حسین و شگفتہ نظر آ رہی ہے
زن و مرد ہیں، میں یہ اعلان کر دوں گا

تم نے مرے ساتھ جو کچھ تلطّف کیا ہے
میں اس کے لئے اتنا ممنوں ہوں اپنا سرمایۂ زندگی
وقفِ انسانیت کر رہا ہوں
میں اب سے تمہارے غموں کو بٹانے کی امکانی
کوشش کروں گا
ہجومِ زن و مرد میں اپنی ہستی کو اِک ساغرِ کیف
کی شکل میں پیش کرتا رہوں گا
محبت کے دیپک، خوشی کے کنول اور
امنگوں کے فانوس
بے نور کوچوں کو جلسہ گہِ ماہ و انجم کریں گے!

کسی کینہ ور سے مجھے کوئی اندیشہ لاحق نہیں ہے
جو مانے گا مجھ کو وہ خود بھی توانا رہے گا،
مجھے بھی توانا کرے گا!
جمال و نجابت کی سربستہ حکمت کو میں پا چکا ہوں
یہ حکمت ہے فطرت کے آزاد گہواروں میں سانس لینا

غباریں گزرگاہوں میں کھیلنا کوُدنا اور ان سے
ہم آغوش ہونا
یہی دانش و علم کا معرضِ امتحاں ہے
یہ مکتب ذکاوت کی کوئی کسوٹی نہیں ہیں
متاعِ ذکاوت کو اِک ذہن سے دُوسرے ذہن
میں منتقل کرنے کی سعی دیوانگی ہے
میں کرتا ہوُں اب تجزیہ ان اسالیبِ فکر و نظر کا
جو دانش کدوں میں وقیع و گراں مایہ لگتے ہیں لیکن
بہار و خزاں کے شہابی نظاروں، خنک موج
جلووں، رواں بادلوں
اور بیتاب لہروں کے گرداب میں وہ دبستاں کے
خود ساختہ قاعدے
کتنے بے ارز ہیں۔ ہاں حقیقت یہاں منکشف ہے
جہاں ابنِ آدم کو عرفان نا ہے میں لیا ہوُں
میرے شعوُرِ خفی و جلی کی ہے مرحلہ کہاں سے
کہاں تک!

یہاں رُوح کا جزر و مد ہے

یہ موجیں جو سینے کے اعماق سے اُٹھتی ہیں
کاہش افزا تجسّس کی زائیدہ موجیں
یہ ظلمت کے افعی، خیالوں کے عفریت، وہموں کے
آسیب کیا ہیں؟
کچھ ایسے زن و مرد ہیں جن کی قربت سے لگ
جاتی ہے آگ سی جسم و جاں میں
اُجڑ جاتی ہیں جن کے احساسِ فرقت ہی سے میرے
شعروں کی دُنیائے رنگیں
سرِ شام جنگل میں جاؤں تو ہوتا ہے مجھ پر
نزولِ سرودِ خمارِیں
مرے دل میں سرچشمۂ سوز کیوں پھُوٹتا ہے؟
یہ کافر جمالوں کے دیدار سے زیرِ مژگاں
چمک اُٹھتے ہیں کیوں لرزتے ہوئے شوخ تارے؟
دلِ مرد و زن میں محبت کے شعلے کہاں سے
بھڑک اُٹھتے ہیں والہانہ؟

مسرت کی خوشبو سے بادِ بیاباں گرانبار سی ہے
مرے ساتھ آؤ اِک ایسی رفاقت کو پا لو
سدا جو رہی ہے نبرد آزما زندگی سے
زمیں اوّل اوّل درشت و خموش و پُر اسرار لگتی ہے
فطرت بھی پہلے پہل گو عجیب و پُراسرار معلوم ہو گی
مگر اس سے ہمت نہ ہارو
سمندِ طلب کو عناں تاب کر دو!

یہ شاداب رمنے، یہ عیش و ہوس کی پناہیں
یہ خیمے، یہ دلکش خیاباں، یہ آرام گاہیں
شہاب اور میدے سے گوندھی ہوئی دخترانِ نگاریں
دو عالم کو تسخیر کرتی نگاہیں خماریں، ادائیں بہاریں
یہ نظّارے غارت گرِ امن، دامن کشِ دل ہیں لیکن
جو تو چاہے رُک جائیں اپنے قدم غیر ممکن!

بڑھاؤ قدم سست پائی کو چھوڑ دو!
ابھی اور ترغیبِ سیمیں کی یلغار ہو گی
ابھی اور تحریصِ رنگیں کے شبخون ہوں گے
میں تم کو صعوباتِ منزل سے آگاہ کر دوں
مرے پاس خلعت نہیں جن سے داد و دہش کی
نمائش کروں میں

سکھاتا ہوں میں اس غمِ زندگی سے نبرد آزمائی
تمہیں بھی کبھی جس سے دوچار ہونا پڑے گا
تمہارے مقدر میں قارون کا گنج ثقاوت نہیں ہے
جو خونِ جگر سے کماؤ گے دستِ سخاوت سے
اک دن لٹا دو گے آخر

تمہاری رہِ شادمانی میں ہزل و تمسخر کے کانٹے بچھیں گے
محبت کے نایاب و نادیدہ پیغام کا دالہیں
بوسۂ شعلہ آشام ہی خیر مقدم کرے گا
تمہاری طرف دست و بازو بڑھیں گے مگر وہ
تمہارے گلے میں حمائل نہ ہوں گے!

کئی نا دمیدہ نظارے حجابات میں ہیں

کئی شاہراہیں غبارِ پسِ کارواں کو ترستی ہیں اب تک
مقاماتِ آہ و فغاں جوئے خوناب کے منتظر ہیں
انیسِ غمِ دل، تو کس سوچ میں ہے؟
کوئی چیز ایسی بھی ہے جس کی تحصیل ممکن نہیں ہے؟

فقط عزم درکار ہو گا
نسیمِ سحر کی لطافت
گل و یاسمن کی طراوت
ستاروں کے خوشے
بہاروں کے توشے
جواہر کی کانیں
خوشی کی دکانیں
یہ سرمایہ اپنا ہے اپنا

چلیں تو زمانہ ہمارے جلو میں چلے دست بستہ
بڑھیں تو ہمارے پس و پیش صد کارواں ہوں رواں
ملیں تو دلوں سے محبت کا رس لیں، دماغوں
سے مدح و عقیدت کا تحفہ!

زن و مرد و پیر و جواں بسترِ استراحت کو چھوڑ دو
مذاقِ طرب کو حصولِ مقاصد میں حائل نہ ہونے
دو ہرگز
مقاصد کی تکمیل ایثار و فرقت کی طالب ہے اے
غم نصیبو!
حجابات منفی ہیں، منفی سہاروں کو چھوڑ دو
نگاہِ بصیرت سے دیکھو
خرابات کی مجلسوں، رامش و رنگ کی محفلوں میں
جھلکتی ہے خود ناشناسی، عزائم سے محرومی و زندگی
کے حقائق پہ بے اعتمادی
کوئی دل بھی تطہیر و اخلاص و شفقت کا حامل
نہیں ہے
یہ انسان انساں نہیں ہیں مثنّیٰ ہیں اپنے
بہ آواز و ہیئت سے عاری تشخص سے محروم انساں
جو زر کاروں، سمن پوش جگلوں، پرستان سے
ہوٹلوں میں
شب و روز کو غرقِ تمخانۂ عشرتِ رائگاں کر رہے ہیں

بناتِ نبات و شکر اپنے مغرور سینوں پہ مخروط
سرکش ابھارے
کہ جن کی جنوں پاش نظارگی سے ہوس مست و بالیدہ
و مضطرب ہو
سرِ رہگذر اپنے حُسنِ گریزاں سے اعصابِ آدم
پہ مشقِ ستم کر رہی ہیں
یہ سب ایک ویرانیٔ دل کے بہلانے کے مشغلے
ہیں
حیات آج سرِ جادۂ منزلِ سرمدی کھو چکی ہے
کہ انساں فقط ایک بہروپ ہے، شوخ، کمزور، بودا!

رفیقِ سفر، زندگی مستقل کشمکش ہے
مرے لب پہ بانگِ رجز کانپتی ہے
نقیبِ بغاوت ہوں میں جو مرے ساتھ آئے
مسلح ہو تیغ و سناں سے
ہو آگاہ تاریخِ جرم و سزا سے

حکایاتِ غدر و وفا سے
تنِ محکم و قلبِ درد آشنا سے
مری ہمرکابی عبارت ہے صبر و عزیمت سے
پیہم تگاپو سے کرب و بلا سے!

طویل و حسیں رہگذر سامنے ہے
بڑھاؤ قدم کس لئے رُک رہے ہو
تپائی پہ رہنے دو قرطاس کو سلکِ افکار سے نا مزیّن
کتابوں کو سربند شلفوں کی زینت بنا دو
مدارس میں دانش وروں کو جنون و خرد بیچنے دو
سرِ منبرِ عام واعظ کے وجد آور الحاں کو چھوڑو
وکیلوں کو چھوڑو کہ قانون کے حل کے بخیئے
ادھیڑیں
عدالت کو تدبیرِ چاک و رفو میں جگر خون کرنے
دو، آؤ
انیسِ غمِ دل! مرا ہاتھ پھیلا ہوا ہے تمہاری

طرف پیش کش ہیں

میں دیتا ہوں تم کو متاعِ محبت ——— جو ہے
گوہر و تاج سے بھی گراں تر
مگر تم بھی اپنی متاعِ دل و جاں کو
میرے حوالے کرو گے؟
صعوباتِ غم کی کٹھن رہ گزر میں مرا ساتھ
دو گے ؟
دمِ واپسیں تک نشیب و فرازِ رہِ زندگی میں
رفاقت کرو گے؟

غزل

حُسن مغرور بھی ہے مائل بھی
عشق سردار بھی ہے سائل بھی

سرفروشانِ شوق و مستی کو
نغمہ ہے شورشِ سلاسل بھی

جذبِ کامل جو دست گیر ہوا
تو قریب آ گئی ہے منزل بھی

ایک دل ہے خلوص سرتاپا
ہے یہی زندگی کا حاصل بھی

یہی مشکل تو ہے محبت میں
کہ یہ آسان بھی ہے مشکل بھی

ہائے اس جلوے کی خود آرائی
کہ ہے مستور بھی مقابل بھی

خالدِ زمزمہ سرا چپ ہے
اور اندوہ گیں ہے محفل بھی!

اختر شناس

نگار خانہ ہے سطحِ سپہرِ بینائی
ہر ایک شے ہے مشیّت کی رمز و عقدہ و راز
ہجومِ فکر سے دل موج وش لرزتا ہے
کہ شیشۂ نازک و صہبائے آبگینہ گداز
اسیرِ علّت و معلول ہے نمودِ ہنر
کشودِ بابِ ظفر کی کلید ہے تگ و تاز
ہے کوہکن کے لئے زندگی عذابِ الیم
بفیضِ جلوہ شیریں، نگاہِ پُر فن بیں
ہزار لعبتِ رنگیں، ہزار پیکرِ ناز
اُٹھے جو مسندِ مرمر سے بر فگندہ نقاب
اُبھرنے دبنے لگے نیم رس نشیب و فراز

زمیں بچھاتی ہے قدموں میں فرشِ لالہ و گل
سپہر بُنتا ہے اطلس پئے وسادۂ ناز
کھلا جو ضربتِ تیشہ سے باب بوقلموں
قطار بستہ ہیولے جھکے برائے نیاز
حریمِ حسن کا پردہ صبا اُلٹتی ہے
کسی کا رازِ دروں آشکار ہوتا ہے
فقط نگاہ پہ ہوتا ہے فیصلہ دل کا
دماغ دار نہیں لیتے مشورہ دل کا
ندا شبوں کو یہ آتی ہے چاہ بابل سے
فسونِ ساعد و ساق و کنار و کاکل سے
کوئی فرشتہ تو ماروت ہے کوئی ہاروت
خرد فریب ہے نیرنگئ صعود و ھبوط
ازل سے لازم و ملزوم ہیں رجا و قنوط
خدا کے بندوں کی دمساز ہے دُعائے قنوت
کہ ہے یہ خاطرِ مجموع و مطمئن کا ثبوت
فرازِ چرخ سے جاری ہے سلسبیلِ سکوت
ورائے حدِ خرد ہیں لطائفِ لاہوت

ہیں تارے اس طرح آئینہ بندِ چرخ بریں
کہ جیسے عربدے دنبالۂ گردِ چشم علیل
نسیم جیسے خراماں فضائے گلشن میں
عسس کا جس طرح اندیشۂ قلبِ رہزن میں
کچھ اس سلیقے کی ترتیب انتشار میں ہے
کہ جیسے زُلف کی خوشبُو صبا کے دامن میں
کہ جیسے پتّے پراگندہ گھر کے آنگن میں
کہ جیسے غم زدہ سیتا کنارِ راون میں
کہ جیسے ذہنِ مفکر میں ارتیاب و یقیں
ضمیرِ نغمہ سرا —— شاد و مستمند و غمیں
جہاں خیال کے پیکر بنائے جاتے ہیں
تعیّنات کے پردے اُٹھائے جاتے ہیں
بہ دست ہائے حنا بستہ بکرِ معنی کو
مئے ظہُور کے ساغر پلائے جاتے ہیں
مجسّماتِ صداقت، بتانِ وہم و گماں
شبانہ روز سنوارے سجائے جاتے ہیں!

یہ دُبِّ اکبر و اصغر، یہ طارق و جوزا
جنہیں سُموطِ لآلی کہیں اگر تو بجا
جواریوں کا دوالی کے جیسے جمگھٹ ہو
کھُلی منڈیروں پہ ہمجولیوں کا جھرمٹ ہو
دوآبہ بست جلندھر کا کوئی پنگھٹ ہو
سہاگ رات کسی کامنی کا گھونگھٹ ہو!
سماں بسنت کا ہے کہکشاں کے ٹاپو ہیں
کہ شالامار ہیں تہوار ہے چراغاں کا
مچی ہے چار طرف دھوم رہس لیلا کی
کہ پھاگ کھیلتی ہیں گوپیاں کنہیا کی
تمام عشوہ و غنج و دلال و بوس و مساس
کہ میگھ دوت میں جیسے خیالِ کالی داس
کنارے گوکل و گنگا کے جیسے جل پریاں
ادائے دلبری سے غسلِ آفتابی کریں
فضا کو عکسِ رُخ و ران سے گلابی کریں
خمارِ چشم سے ہر شخص کو شرابی کریں
گٹھیلے گندمی پنڈے دمکتے کندن سے

کچوں کے گھاٹ پہ مٹھریں سِفنے جوبن کے
کہ جس طرح کوئی سنجوگتا سوئمبر میں
نگاہِ شوق کو گستاخیوں کی دعوت دے
کہ شیام نام سے رادھا کے من میں جوت جلے!
اودھ کی شام کہ دربار جانِ عالم کا
ہے جس میں ہمہمہ اندر سبھا کے سرگم کا
اُڑن کھٹولوں پہ جس طرح اپسرائیں ہوں
سنہرے شالوں پہ اُڑتی ہوئی گھٹائیں ہوں
کہ چاہ دل میں پروہت کے دیو داسی کی
میانِ ترک و طلب کش مکش پلاسی کی
بجا رہی ہے پیانو یہ کون مہ بانو؟
دمِ سماع نکلتی ہے جان سینے سے
روایتے بود از لب رحیقِ مختومش
حکایتے بود از رخ شقیقِ نعمانش
برخ نقاب چہ بندد کہ از فروزشِ رنگ!
درونِ جامہ تواں دید نیز عریانش!

جوان رات میں جذبات جھنجھناتے ہیں
شبوں کے راج دلارے سبھا سجاتے ہیں
نکل کے کیفوں سے شعر و سخن کے متوالے
قلندرانہ پُر اسرار شاہراہوں پر
بیادِ حسنِ بتاں، دھونیاں رماتے ہیں
کنوارے راز دلوں کے لبوں پہ آتے ہیں
کہیں ترانے بھی طنبورے میں سماتے ہیں؟
بیک پیالۂ مے، صد حجاب بر خیزد!
یہ آسمان بھی دیوانِ شوق و حسرت ہے
ہر اک ستارہ ہے گلزارِ رنگ و رعنائی
ہے آشکار کچھ اس طرح ذوقِ پیدائی
کہ عنفوانِ جوانی کی سینہ زوری میں
ہو چہرہ لال بھبھوکا کسی پری رو کا
تبسم جیسے گراں بار اپنی خوشبو سے
ہے تمام میں منظرِ جوار بھاٹے کا!

حریرِ فکر ہے یوں ہر نورد میں سو رنگ
کہ جیسے ساحلِ دریا پہ لعبتانِ فرنگ
چو سر نوشت مرا کلکِ کردگار نوشت
خطِ غلامئ خوبانِ روزگار نوشت

اگر بہ دل نہ خلد ہر چہ از نظر گزرد
زہے روانئ عمرے کہ در سفر گزرد
خیال —— وادی و کوہ و کمر میں آوارہ
خضر کا بے در و دیوار گھر تلاش کرے
رہِ وفا میں کوئی ہم سفر تلاش کرے
جہاں متاعِ تمنّا کو خوفِ دزد نہ ہو
بچارہ ایسا کوئی مستقر تلاش کرے
کہ جیسے کوئی فرو شندہ عطرِ عنبر کا
پیالہ لے کے گدائی کا کوچہ کوچہ پھرے
کہ جیسے کوئی ادیب اُردوئے معلّےٰ کا
عیارِ طبع خریدار دیکھ دیکھ کڑھے

سنا ہے صبرِؔئی کائنات سے ہم نے
کہ اخنباج زرِ ناب کو رصاص کرے
سمور و سرمہ کو خاکستر و پلاس کرے
پتنگا شمع سے جل جل کے التماس کرے
شہیدِ ناز کہاں دعویٔ قصاص کرے؟
کہ اس جہاں کے کسی چارہ گر کے پاس نہیں
دوائے دردِ محبت، علاجِ ذوقِ جمال

مثالِ ما لبِ دریا و حال مستسقی ست
دہند شوق و لے رخصتِ نظر نہ دہند
اگر کہیں سے الہ دین کا چراغ ملے
ارم کی جنّتِ گم گشتہ کا سراغ ملے
شکنتلا — کوئی پہلو میں مسند آرا ہو
کوئی رمیکیہ بربط پہ نغمہ پیرا ہو
نگارِ ارمنی کوئی، کوئی مدھو بالا
کوئی سلومی و سبفو، کوئی قلوپطرہ

زمیں پہ بیٹھے ہوئے خلد کا ہو نظّارہ
طلوعِ شامِ دل آویزِ وینس و پیرس
ہو جس میں رونق و رنگِ کراچی و لاہور
چلیں بیادِ حریفاں شرابِ ناب کے دور
سلگتے بجھتے جھروکوں سے جھانکتے چت چور
سجل سڈول بدن کام روپ من کے کٹھور
قدم قدم پہ مقابل سجیلے سینہ زور
شکم بہ رنگِ صدف، چھاتیاں نکیلی نکور
کچھ اس قبیل کی نرمی خرام ناز میں ہو
کہ جیسے چوٹ پہ کرتے ہیں ہلکے ہلکے ٹکور
حریمِ حسن میں انبوہِ آرزو منداں
حضورِ ماہ میں سینہ کتاں ہوں جیسے چکور
ہمیشہ کنگرۂ عرش سے پکارتے ہیں
اطاقِ دل میں یقیں کا چراغ روشن ہو
تو بندگانِ اولوالعزم و تازہ ہمت کو
یہ اوج گاہِ عطارد ہے ایک گام کی جست

خدا کی دین ہے ادراکِ آگہی مجھ کو
ہے سوز و ساز کا سرچشمہ شاعری مجھ کو
عطا ہوئی ہے ارسطو کی مسندِ حکمت
نہیں ہے خواہش تختِ سکندری مجھ کو
یہی وسیلہ ہے تہذیبِ نفسِ ناطق کا
وہ دے کے بولے مذاقِ نواگری مجھ کو
ثریٰ سے تا بہ ثریّا، سمک سے تا بہ سماک
کہاں کہاں لئے پھرتی ہے زندگی مجھ کو
میں اپنے طالعِ میموں پہ کیوں نہ ناز کروں
ملی ہے ملکِ سخن کی پیمبری مجھ کو!

رانی باغ (حیدرآباد)

ملکِ نشاط، شہرِ طرب، کوچۂ مراد
ذوقِ جفا طرازئ خوباں سے لالہ زار

اِک نو بہارِ ناز کی مشّاطگئ ناز
اوراقِ کاخ و کو کے حواشی سے آشکار

مصروفِ بندوبست تھے ایّامِ فرودیں
گلنار تھے نہالِ تمنّا کے برگ و بار

ایسے میں ایک شام جو نکلے پئے خرام
مستِ مئے شبانہ و سرگشتۂ خمار

پھرتے پھراتے کُنجِ چمن میں پہنچ گئے
زخمِ صبا بھی جس کی لطافت سے داغدار

فیضِ نمو سے خوشۂ پروین تھی گُل زمیں
پھُولوں سے زرنگار تھا دامانِ شاخسار

کچھ پھُول جن کے زینتِ داماں بنا لئے
وہ پھُول جن سے لعلِ بدخشاں بھی شرمسار

خورشید وار، دستِ حنائی کے لمس سے
بیدار ہو گئے گُل و ریحان و کوکنار

کچھ اور بڑھ گئی خمِ کاکل کی برہمی
کچھ اور تمتما اُٹھے دہکے ہوئے عذار

مژگاں کے زیرِ سایہ غمِ آرزو تپاں
کیفیّتِ بدن میں رگِ تاک کا فشار

گلگشتِ ناز سے جو روشِ باغ باغ تھی
اُگتے ہیں اس مقام پہ لالے جگر فگار

شرمندہ جن سے تھا شبِ مہتاب کا فروغ
جن سے خجل تھی مخملِ دو خوابۂ بہار

جن میں بسی ہوئی ہے ترے سانس کی شمیم
جن میں رچا ہُوا ہے ترے جسم کا خمار

یمنِ قدم نے جن کو زرِ ناب کر دیا
اب تک ترس رہے ہیں کسی کو وہ رہ گذار

اعجاز تھا کرشمہ تھا کوئی طلسم تھا
جذبِ گریز پا کے تعاقب میں بے قرار

دیوانہ وار پھرتا ہے اس سرزمین پر
سر خیلِ عاشقاں، مئے دوشیں کا دُرد خوار

یادوں کے باسی پھولوں سے دامن بھرے ہوئے
وحشت خرامِ عرصۂ اندوہِ انتظار

مجنوں سے ملتا جلتا کوئی خانماں خراب
خالدؔ کے نام کا کوئی آوارۂ دیار!

غزل

اے چمن آرائے شوق، اے دلِ دیوانہ خو!
ابرِ بہاراں بھی ہے شرحِ غمِ آرزو

حُسن بھی ہے ناصبُور، عشق بھی ہے ناصبور
کون رہا غم نصیب، کون ہُوا سرخرو؟

یُمنِ قدم سے غبار، کحلِ جواھر بنا
خاکِ یمن گوہریں، دشتِ ختن مشک بو

مصطبۂ راز میں مسلکِ رنداں نہیں
بیعتِ پیرِ مغاں، منّتِ جام و سبو

خم کدۂ دل سے ہو بادۂ غم کی کشید
عار ہے اپنے لئے ذکرِ نبات و کدو

کش مکشِ ذہن سے فکر کی بالیدگی
پرورشِ اشک سے تازہ نوائے گلو

نالۂ حرماں وہ کیا جس میں نہیں سوز و ساز؟
گوہرِ غلطاں وہ کیا جس میں نہیں آبرو؟

غُبارِ خاطر

(۱)

دستِ صبا نے کھولا نشورِ صبحگاہی
آشفتگانِ شب کو نجمِ سحر پکارا

حل ہو گئے شفق میں ناسفتگانِ گردوں
مجمر میں جل بجھے ہیں اسپند دانہ دانہ

کیفیتِ صبوحی مینائے زریں ڈھل کر
دیتی ہے بام و در کو، اِذنِ طلوعِ نشّہ

خونابۂ جگر سے چھلکے ایاغِ مستاں
دیکھ اے شرارِ جستہ، سُلگی قبائے لالہ

کھولی دُکانِ جلوہ، غنچوں نے غرفہ غرفہ
پھر کوچہ گردِ غم ہیں خانہ بدوشِ صحرا

اے نکہتِ گریزاں، اے مونسِ غریباں
جاناں کے کاخ و کو تک میرا پیام لے جا!

میرا پیام کیا ہے، آشوبِ دردِ ہجراں!
جانانہ وار ہر دم از دل کشم چنیں را

شعلوں پہ لوٹتی ہوں اس دردِ جاں گسل سے
آرام جاں کہاں ہے اے جانِ ناشکیبا؟

تکتی ہے رہ کسی کی، یہ کشتۂ جدائی
اے رنجِ نارسائی، اے حسرتِ نظارہ!

تم ہی مجھے غزالاں، جاناں کا کچھ پتہ دو
کس حال میں یہاں سے ناقہ سوار گزرا

پھرتے ہو جرگہ جرگہ ڈھونڈو اسے تو جانیں
وہ ترکمانِ وحشی ہے آشنا تمہارا

فرقت کا حال کہنا یوں پائے بوس ہو کر
سرتاجِ کج کلاہاں، اے شاہدِ دلآرا!

کرتا ہے ایک سائل دریوزۂ نوازش
روزی تفقّدے کن مسکینِ بے نوا را!

وہ عشرتِ شبانہ افسانہ ہو گئی ہے
اب یہ دلِ حزیں ہے اور نوحۂ تمنّا

کٹتی نہیں شبِ غم اختر شماریوں سے
آنکھوں سے دجلہ دجلہ بہتا ہے خوں کا دھارا

دل سے حکایتیں ہیں، شکوے شکایتیں ہیں
وہ درد جو نہاں تھا ہوتا ہے آشکارا

مشاطۂ بہاراں جاروب کش تھی جن کی
وہ نامراد جلوے رسوا ہیں دشت و صحرا

وہ کاکلِ رسا جو دوش و کمر تک آئے
عالم شبِ چمن کا جن کے شکن سے پیدا

ہر پیچ میں دستہ ریحان و روح و سنبل
ہر خم میں توشہ نفحاتِ مشک سارا

مارِ سیاہ بن کر شانوں کو ڈس رہے ہیں
اے شامِ بد گمانی، کب دن طلوع ہو گا؟

اس معرضِ فنا میں ، اُمّیدِ رُستگاری
رکھّے یہ خستہ کس سے اے انقلابِ دوراں؟

یُوں گرم رو ہو جیسے ابرِ عناں گسستہ
منزل کہاں کرو گے اے قافلہ سواراں؟

اس رہ نشیں مسافر کا حالِ زار کہنا
تم کو جو ہو میسّر طوفِ حریمِ جاناں

مُڑ مُڑ کے دیکھتے ہو اس بے نوا کو لوگو
سچ ہے جہانِ زر میں کیا قدرِ بے نوایاں

واماندگانِ غم کا جز نالہ ارمغاں کا
کرتا ہے اشکِ خونیں عرضِ متاعِ حرماں

واماندگی فراغت، واماندگی خسارت
مستلزمِ جسارت، تسخیرِ خوش نگاہاں

اس عمرِ رائگاں کا مصرف کوئی بتاؤ
آشوبِ آگہی سے چھٹتا ہے کیسے انساں؟

اے عبرتِ تماشا، کف در دہاں ہے دریا
ہر سمت منتشر ہیں اوراقِ شاخِ مرجاں

کیوں ساز میں ہے شیون اے طائرِ نوازن؟
کیوں باد پا ہے توسن اے موسمِ بہاراں؟

اس انجمن میں کوئی، ہم داستاں نہیں ہے
کس سے کہیں سخنداں، احوالِ قلبِ سوزاں؟

اے پیکرِ خیالی گاہے تو ہو مجسّم
کاشانۂ تمنّا کب سے پڑا ہے ویراں

آب و ہوائے جنّت ہم کو نہ راس آئی
آوارگانِ فطرت رہتے ہیں پا بجولاں

شہرِ وفا میں ہم نے دیکھا ہے یہ تماشا
معشوق جلوہ گستر، صاحب نظر گریزاں

ہر خود نگر کو خالدؔ کہتے ہیں لوگ خبطی
لیکن بُرا نہ مانو، معذور ہیں یہ ناداں!

(۳)

تابِ مقاومت سے تاثیرِ دل گدازی
آئی کہاں سے تجھ میں اے جذبۂ محبت؟

یہ کاروبارِ دل ہے اِک شغلِ سینہ کاوی
دل بستگی بدایت، دل خستگی نہایت

کروبیوں نے سونپا تحویل میں ہماری
آلام کا سررشتہ، افکار کی ولایت

اک کھیل ہے بظاہر آئینِ حُسن کاری
درکارِ فن ہے لیکن اِک عمر کی ریاضت

آساں نہیں کچھ ایسا شیوہ نوا گری کا
آشوبِ چشم و دل ہے افسونِ شعر و حکمت

پیغمبری سے پہلے لازم ہے خود گدازی
غاروں سے پھُوٹتا ہے سرچشمۂ ہدایت

تخلیق کی لگن میں گو جان کا زیاں ہے
اے دوست طالعوں سے ملتی ہے یہ سعادت

سررشتۂ ہوس سے گرچہ مفر نہیں ہے
تہذیبِ دل کی خاطر ڈھونڈا ہے کنجِ عزلت

جن کے دمکتے رُخ سے روشن چراغِ بادہ
جن کے کفِ نگاریں شیرازہ بندِ وحشت

وہ سُرخ پوش کافر کس ملک جا بسے ہیں
سوغات دے کے بھیجیں کس کو پئے سفارت؟

جلووں میں اب کہاں وہ ایمائے تُرکِ تازی
ان دشمنانِ دیں کی کس سے کریں حکایت؟

اغیار اس گلستاں کے خوشہ چیں رہے ہیں
مشاطہ سے چھپاتے ہیں عارضوں کی رنگت

جو اپنی ذات میں تھے علم و ادب کے جیحوں
کرتے ہیں جرعہ جرعہ چشموں سے کسبِ قوّت

ناموسِ خانماں تک نیلام کر چکے ہیں
عشقِ غیور جن سے لیتا تھا اذنِ سطوت

اِک فردِ منتخب ہے عبدالعزیز خالدؔ
رہتا ہے اس کے درپئے، فکرِ زوالِ اُمّت

فردوسِ گمشدہ کے آثار ڈھونڈتا ہوں
اے عصمتِ نیاگاں! مشکور ہو یہ محنت!

(۴)

نغموں کے جال بُنتے ہیں تار و پودِ غم سے
جادُو نوا کا رکھتا ہے عُود کو پریشاں

مضراب مرتعش ہیں نغموں کے زیر و بم سے
سن اے شہیدِ جلوہ، فریادِ تارِ لرزاں

ہے آرزو نمو کی جو گلشنِ فنا میں
آزادِ راحلہ ہو مانندِ موجِ ریحاں

مینو سواد ہیں کیا پنجاب کی فضائیں
یادِ گزشتگاں میں ہر ذرہ زمزمہ خواں

فرطِ طرب سے ہر سُو بھرتے ہوئے طرارے
گلگشتِ شہدرہ میں نو خاستہ غزالاں

لاہور کے پری وش جن کی ملاحتوں ہیں
پرکار سادگی کی فن کاریاں نمایاں

گلبرگ پیکروں کو حوریں کہیں کہ ہیریں؟
آرائشِ خیاباں ، آسائشِ شبستاں!

ہر مضمحل ادا میں ذکرِ سرودِ رفتہ
ہر منفعل نگہ میں تسخیرِ دل کے ارماں

آئینِ خوش گلوئی وابستۂ ادب ہے
یادِ سلف سے روشن فکر و نظر کے ایواں

ہم کو بھی کچھ عطا ہو میراثِ رفتگاں سے
اے خطۂ نگاریں ، اے سرزمینِ خوباں!

(۵)

گہوارے علم و فن کے، تہذیب کے مدائن
کن اُجڑے مقبروں میں، ہیں محوِ استراحت؟

جن کی تجلّیوں سے روشن دلوں کے جادے
نقّاشِ حرف و معنیٰ، مجلس فروزِ فطرت!

دستک سے جن کی وا ہوں وجدان کے دریچے
وہ ترجمانِ ہستی، وہ رازدارِ فطرت!

دیوار و در سے ان کا احوال پوچھتا ہوں
کس شہر جا چھپے ہیں دیوانگانِ حکمت؟

مٹّی میں رولتے ہیں عکسِ ستارگاں کو
ہر خشت پا میں ڈھونڈو نقش و نگارِ عظمت

لفظوں کی دسترس میں خالی نوا ہے مطرب
پابندِ نے نہیں ہے نیرنگِ جذبِ اُلفت

ڈھلتی نہیں بیاں میں لذت بلاکشی کی
محدود کس قدر ہے علمِ بیاں کی وسعت

اے نغمہ سنجِ ماضی، تقلید مرگِ فن ہے
ابداع بے محل ہے اے منکرِ روایت!

پُوچھ آ کے سالکوں سے آدابِ رہ نوردی
اس نجد میں کسی کی کرتے نہیں رعایت

نقصانِ سال و مہ کی کرتے ہیں وہ تلافی
دے کر طبیعتوں کو تاب و تبِ بصیرت

رسمیں عجیب ہیں اس اقلیمِ عاشقی کی
دیتے ہیں رہزنوں کو پروانۂ قیادت

پیدا نہیں سخن میں اسلوبِ میرؔ و سوداؔ
کوشش سے مدّعی کو ملتی نہیں نبوّت

اُستادِ فن ہوئے ہیں گو ان سے پیشتر بھی
پر ریختہ کی ان سے منسُوب ہے روایت

دل کے لہُو سے لکھ کر قانونِ باغبانی
صحرا کو کر گئے ہیں رشکِ حریمِ جنّت

اس باغِ پُر فضا کا غالبؔ بھی خوشہ چیں ہے
بیداد فن ہے کتنی، فکرِ سخن کی لذت

اقبالؔ کی نوا میں جو ذوقِ بندگی ہے
دیدہ وروں ہے وہ بھی فیضانِ طولِ صحبت

اشعار کی بضاعت لایا ہے کوئی خالدؔ
آؤ کریں مشخص ہم اس کی قدر و قیمت

(۶)

آئی ہے موجِ وحشت بادِ صبا کی رَو میں
گزرا ہے شہرِ دل سے رعنا غزال کوئی

بیکار ہے فقیہو بحثِ قدیم و حادث
دیکھو جسے وہی ہے عصرِ رواں کا شاکی

مجبور کو مجالِ آسودگی نہیں ہے
اِک کاوشِ مسلسل ہے مُزدِ سر فرازی

کیا اس سے پُوچھتے ہو ترک و طلب کی لذت
مقصد ہے بوالہوس کا ہر گونہ کام جوئی

بیجا ہے دل جلوں پر میخوارگی کی تہمت
ان کی تو ہے معیشت سینوں کی کنج کاوی

عرفان و علم میں ہے فرقِ ظہور و باطن
ملتا ہے شیرِ بیشہ سے رنگِ شیرِ قالی

بیت الحرام کو ہے بیت الصنم سے نسبت
الفاظ کی قبا میں پوشیدہ ہیں معانی

مطرب بدیع نغمہ ، ساقی ہزار جلوہ
کھلتے ہیں رفتہ رفتہ اسرارِ آشنائی

کیا عشق کو ہے صرفہ ، کیا حسن کو محابا
بے دل کی مقدرت کیا جز آہِ گاہ گاہی

جادو کا کارخانہ اربابِ فن نے جانا
اک پردہ ہے سخن کا مستوری و حضوری

بخشی ہے بے نیازی وارستہ خاطری نے
بیخود کو کیا ضرورت اسبابِ بیخودی کی؟

اے شاہدانِ سادہ اے لعبتانِ پُر فن
سیکھی کہاں سے تم نے خوئے غزالِ وحشی!

یا داغ دستہ دستہ یا پھول رستہ رستہ
مقدور تک تو بسمل کرتا ہے لالہ کاری

کن ولولوں سے پہنچا، کن مرحلوں سے گزرے
یہ نامراد دل ہے اور اس کی بے قراری

کیا شغلِ آہ و نالہ، کیا لذتِ تماشا!
ہر حال میں ہے اس کو تکلیفِ سینہ کاوی

عرضِ ہنر پہ رکھ دو شرطِ متاعِ تازہ
کچھ فرض تو نہیں ہے آخر نوا سرائی

ہاتف کی ہم زباں ہے گرچہ صریرِ خامہ
کھلتے ہیں مشکلوں سے اسرارِ زندگانی

اِک سوزِ یک نفس ہے تقدیرِ مشتِ خس کیا
اُٹھتا ہے کم کسی سے بارِ نشاطِ فانی!

ہر شے طلسمِ حیرت ، ہر شے نگار خانہ
ہر لمحہ تازہ پیکر ہے سترِ زندگانی

نائے قلم سے پیدا اِک گلستاں مرقّع
کچھ اور شے ہے لیکن بُلبل کی سوز خوانی

ارژنگ کو مصوّر سمجھا ہے کارِ طفلاں
قدرت سے مانگ تو بھی دست و دماغِ مانی

مدت سے مرغِ نغمہ ، منقار زیرِ پر ہے
کیوں چپ ہیں ساز تیرے اے صاحبِ اغانی؟

لکھتے ہیں خونِ دل سے افسانہ غم کا شاعر
ارزانیوں میں دیکھو ، اس جنس کی گرانی

رُوح الامیں کا عہدہ مخصوص قدسیاں ہے
خاکد کو سونپتے ہیں تدبیرِ دارِ فانی!

(۷)

برسوں سے پھر رہے ہیں دیوانے دشت و در میں
ملتا نہیں کہیں کوئی گوشۂ سلامت!

مجنوں کے ساتھ مل کر صحرا کی خاک چھانی
ہر سنگِ رہ کو پایا افسانہ سنجِ وحشت

کی جا کے بیستوں پر دلداری کوہکن کی
اے قلبِ شرحہ شرحہ، سن کاوِ کاوِ حسرت!

پشمینہ پوش ہو کر کرتے رہے شبانی
افشائے رازِ دل کا تاوان ہے مشقّت

اک تُرکِ غمزہ زن کی کافر ادائیوں سے
منصورؔ بن کے پہنچے تا رُتبۂ شہادت

جاناں کی جستجو کا قصہ شنیدنی ہے
برپا تھی ہر قدم پر اک تازہ تر قیامت

کاشانہ بن کے آیا ہر دل نواز منظر
ہر نقشِ رہگذر نے دی دعوتِ اقامت

ہر عشوۂ خماریں یغمائیوں کو آیا
ہر چشمِ نیم وا تھی آمادۂ شرارت

ہر بام پر کھڑے تھے دام افگنی پہ مائل
کتنے دراز مژگاں، کتنے کشیدہ قامت

ہر غرفۂ حسیں سے، ارمان بن کے جھانکے
کتنے بہشت پیکر، کتنے بہار طلعت

کیا آہوانِ صحرا، کیا دلبرانِ وادی
کرتے رہے تعاقب تا حدِّ استطاعت

ساقی بھی تھا بہم تھے آلاتِ مے کشی بھی
صہبا فروش بن کر آئے تھے خوب صورت

پر اہتمامِ افسوں سے بے نیاز ہو کر
ٹھکرا کے پائے ہمت سے انتظامِ عشرت

منزل کی آرزو میں چلتا رہا مسافر
اے خوگرِ تلوّن، کیا شے ہے استقامت!

یہ رازدارِ دل تھا در پردہ دل کا دشمن
ذوقِ نظر سے رکھی جھوٹی اُمیدِ راحت

توفیقِ فکر کو ہم اعزاز جانتے ہیں
غافل یہ داغِ دل ہے گنجینۂ سعادت

فیضانِ سرمدی ہے یہ سوزِ متّصل بھی
کرتے ہیں ذوقِ نالہ، فن کار کو ودیعت

کڑھتے ہیں دل ہی دل میں ناشاد جی رہے ہیں
خالدؔ کہاں میسّر اہلِ نظر کی صحبت!

(۸)

خو کردگانِ رم کی وحشت کا امتحاں ہے
پھر کاروانِ خوشبو ہے میہمانِ صحرا

آبِ حیات جس کو کہتے ہیں سادہ مشرب
اِک جامِ سرگراں ہے میخانۂ فنا کا

ہر جوہرِ حقیقی ہوتا ہے بے تصنّع
نَے سے نوائے تازہ اُٹھتی ہے بے ارادہ

اے سوزِ عشق پھر کیوں برہم ہے دل کا عالم
کچھ زُلفِ مشکبو کا ہم کو نہیں ہے سودا

اِک انتظارِ مبہم ہم کو عطا ہوُا ہے
مخفی اشارتوں سے چلتا ہے کام سارا

خارج ہیں کار گاہِ اسباب سے خوارق
امروز و دوش ہی سے ڈھلتا ہے نقشِ فردا

اس عقلِ حیلہ گر نے کیا کیا صنم تراشے
پر کھل سکا نہ رازِ تاب و تبِ سویدا

وابستگی کی کاہش، وارستگی کی خواہش
فیضانِ سرمدی سے ہم کو بھی ہے بہرہ

دامن کو چاک کر کے، دل کو فگار کر کے
کیا اعتبار کھویا، کیا اشتہار پایا!

(۹)

یہ لخت لخت دل ہے مجموعۂ عزائب
افسانۂ عجائب ہے آرزو کا دفتر

دل پروری کی رسمیں ناپید ہو رہی ہیں
یوں عرضِ ناز اب بھی کرتے ہیں لالہ پیکر

تہذیبِ نفسِ کج رو، تادیب کا ثمر ہے
اے عودِ خشک! خوشبو ہے وقفِ سوزِ مجمر

اربابِ دہر کی خو نہ داری و تملق
شرطِ نوا گری ہے صدق و صفائے جوہر

فنکار کو مجالِ عرضِ ہنر نہیں ہے
دل دار کو خرامِ موجِ نفس ہے نشتر

عیّار کے تصرّف میں ہے عیارِ دانش
نَے سے بہا میں بڑھ کر ہے دشنۂ ستم گر

پھر شب گزیدگاں کو آئی نوائے ہاتف
سیلِ سحر کا تم میں کوئی نہیں شناور

غافل ہوائے گُل کا انجام ہے تأسّف
عبرت کا تازیانہ ہے موجِ مشکِ اذفر

آئینِ دل دہی ہے طولِ غمِ تمنّا
جلتا ہے شعلہ کیوں آگ میں سمندر؟

نوشابہ قامتوں کے کاکل ہیں عشقِ پیچاں
عشّاق کے رُخ و مو دیکھے ہیں اشعث، اغبر

اپنی نظر کا پرتو ہیں رنگ رنگ جلوے
اپنے نفس کی گرمی ہے شعلۂ گُلِ تر

یہ پردۂ مصوّر کہتے ہیں جس کو دُنیا
اک سانپ ہے منقّش اِک سانس ہے معنبر

اس کارواں سرا میں ہر لمحہ ذو فنوں ہے
ہمدم نہیں کسی کا نیرنگِ چرخِ چنبر

یُوں بھی سُراغِ جادہ دیتے ہیں رہرواں کو
اِک برقِ بے اماں تھی ہر گام شعلہ گستر

تسکینِ غم زدہ کو آئی گلُوں کی خوشبُو
لیکن وہ محرمانہ بُوئے کنارِ معجر!

کتنے جہانِ معنی بین السطور میں ہیں
دیدہ وروں نے دیکھا ہر جا جہانِ دیگر

جیسے گلُوں کو چھو کر بادِ نسیم گزرے
کرتے ہیں اس طرح ہم گلگشتِ باغ و منظر

موجِ خیالِ شیریں سے پتھر آب جُو ہے
تیشہ ہے عکسِ رُخ سے آئینۂ سکندر

جس میں سکوت کو نیں الحان بن کے گونجے
جس سے کھلیں طبیعت کے ممکناتِ مضمر

اس حرفِ دل کشا کے آفاق منتظر ہیں
اے خوش نوا مغنّی، تسخیرِ مہر و مہ کر!

ذہنِ رسا میں مضموں اُگتے ہیں گلبن آسا
خوشبوئے فکرِ عالی سے خامہ ہے معطّر!

(۱۰)

اے مطربانِ خوش گُل ، اے ساقیانِ مہ وش
ہم پر نہ آزماؤ افسونِ نوش خنداں !

حرفِ نشاط لب پر ، دل وقفِ سوگواری
پیتے ہیں زہرِ غم کو ، مستانہ و غزل خواں

رکھتے ہیں سر بریدہ دودِ چراغِ دل کو
آہ و فغاں نہیں ہے دستورِ دردمنداں

ان زہرہ پیکروں کی در پردہ شوخیوں نے
کیا کیا جگائے جادو ، کیا کیا بڑھائے ارماں!

تم کاروانیوں کو پیکِ صبا مبارک
چلتے ہیں پا پیادہ ہم نقش بندِ حرماں

ہم کو نہیں ضرورت آرائشِ گلو کی
ہم خود بہار گر ہیں اے دستِ گُل فروشاں

ہم کردگارِ نغمہ ، ہم خالقِ معانی
سوزِ جگر سے کرتے ہیں دشت میں چراغاں

جو سنگ میں صنم کو بے پردہ دیکھتے ہیں
وہ محرمانِ جلوہ ، وہ دوست دارِ جاناں

خاطر کبیدگی سے ، محنت کشیدگی سے
رہتے ہیں جو ہمیشہ ، تکمیلِ فن میں کوشاں

نا مصلحت شناسی سے متّہم ہیں شاعر
تابِ سخن ندارد نازک مزاجِ شاہاں

تاثیرِ چشم پُر فن ہوتی ہے بے سرایت
اس کا کوئی تدارک ، اے حُسنِ جلوہ ساماں!

عہدِ وفائے گُل میں ڈھونڈو نہ استواری
یہ دیرِ آشنایاں ہوتے ہیں سُست پیماں

ہے منزلِ اناالحق دار و رسن سے آگے
توفیقِ خود شناسی ایسی بھی کیا ہو ارزاں!

رخشِ خجستہ گامی مہمیز چاہتا ہے
غربت میں جا کے چمکا حُسنِ نگارِ کنعاں

دربارِ معنوی میں چلتی نہیں سفارش
کٹتی ہے بے توسّل، راہِ دیارِ حرماں

اے بندۂ تساہل! فن اِک مجاہدہ ہے
کر آرزو کے داغوں سے سینے کو گلستاں

ہر خطّۂ زمیں کو شاداب کر رہے ہیں
اپنی سرشت میں ہے فیضانِ ابرِ نیساں!

ہنگامۂ چمن ہے مرغانِ خوش نوا سے
ہم زمزمہ سرا ہیں توقیرِ بزمِ دوراں!

اے خستگاں مبارک یہ خرقۂ مرقّع
مہمانِ چند شب ہے پوشاکِ نو عروساں

داغِ مفارقت کی دیکھو کرشمہ سنجی
ہر نالہ نیستاں ہے ہر اشک شبنمستاں!

کرتے ہیں کچھ اضافے اپنی طرف سے راوی
اک شوخ رفتہ رفتہ بنتا ہے دشمنِ جاں!

سوقِ نمد گراں میں فن ہے متاعِ کاسد
بازارِ حسن میں ہے بے صرفہ جنسِ ایماں

اسبابِ دلفروزی اتنے گراں نہیں ہے
اک داغ سے ہے روشن سینے کا طاقِ ویراں!

ہم کو نہیں گوارا تقلیدِ قیسِ عامر
مانا کہ ہیں تلاشِ لیلےٰ میں پا بجولاں

اے بادۂ مروّق کس کا نشہ ہے تجھ میں؟
اے بادِ غالیہ سا، کہ سترِ مُشک ساراں!

(۱۱)

اے طالبِ تماشا، دل ہو اگر فسردہ
ہر شعلہ بے حرارت، ہر نغمہ بے حلاوت!

بڑھتا ہے کوئی کوئی بندِ قبا سے آگے
ہر دیدہ ور نہیں ہے پردہ کشائے فطرت

پل میں کبھی اندھیرا، پل میں کبھی اُجالا
اے گنبدِ مکوکب، کیا شے ہے نور و ظلمت؟

عشرت گھوں کی مستی رہنِ خمارِ گندم
ظلمت کدے میں غم کے ملتا ہے ذوقِ حکمت

کہتے ہیں طرزِ نو سے، ہم سرگزشتِ دل کو
فرسودہ ہو چکی ہے حلاّج کی روایت

باقی ہے سوز ناکی زخمِ جگر کی ساقی
یہ طرفہ ابتلا ہے ملتی ہے جس میں راحت

اس خود غرض جہاں میں جوہر کو کون پرکھے
اک عرضِ رائگاں ہے بادِ صبا کی نکہت

جام و سبُو سے کرتے ہیں گفتگو مہندس
مصروفِ چنگ و نے ہے خیّام کی ذکاوت

اِک غمزۂ نہاں سے فرہاد کوہکن ہے
ہجرِ اعتبارِ خواہش، کلفت عیادِ اُلفت

ہوتا نہیں طبیعت میں سوز و ساز پیدا
جب تک نہ ہو خرد کو، آشفتگی سے نسبت

زہّاد سے مخاطب ہے رندِ روشن آوا:
اے بایزید خصلت، خاصانِ باکرامت

ہم مادّہ پرستوں کا عشق ہے مجازی
ہم رنگ و بُو کے رسیا، رکھتے ہیں مے سے رغبت!

اس پیرِ تسمہ پا سے کب ہو گلو خلاصی
کرتی ہے کارِ کژدم، افرنگ کی عنایت

دل سا خطیب و شاعر، دانش ور و مفکّر
دیکھو تو ہے بظاہر، بے حرف و بے حکایت

ہوتی ہے سعیِ حرماں، آخر بہار ساماں
آباد ہے کہستاں، فرہاد کی بدولت

جس کا بدن گلابی، جس کا سخن ربابی
جس کا چلن شرابی، جس کی کنیز نکہت

جس کی نگہ خماریں، جس کی ادا نگاریں
جس کی قبا بہاریں، جس پر نثار رنگت

جاہ و جلالِ بہمن، جس کی کرے خوشامد
بُت خانۂ برہمن، جس کا رہینِ منّت

جس کی دلوں پہ میری، جس کی طلب اسیری
کرتی ہے دستگیری دیتی ہے داغِ حسرت

پھیلے تو رنگِ خاور، سمٹے تو سنگِ مرمر
بہ آب و گِل کا پیکر، کہتے ہیں جس کو عورت!

رندوں کا ساز و ساماں، برگ و نوائے حرماں
نکلا دلِ پریشاں، گلدستہ بندِ وحشت!

ہر نازنیں نہیں ہے شائستہ تمنّا
کی ہم نے جلوہ گاہوں کی جا بجا زیارت

آئی حدیثِ رفتہ پیغامِ شوق لے کر
ماضی کے تذکروں میں ملتا ہے لُطفِ صحبت

پوچھو سوادِ بطحا سے حالِ شوقِ مضطر
رو لے ہیں گوشے گوشے سے یہ فصوصِ حکمت!

۱۶

طیورِ آوارہ

سحر و شام کے مٹتے ہوئے نظّاروں میں
حسرتِ لذّتِ رفتہ کا مداوا نہ ملا
یوں تو پیدا تھے بہت ذوقِ نظر کے ساماں
دید کو جس کا تقاضا تھا وہ جلوہ نہ ملا

○

ہم نے چاہا تھا بدل ڈالیں جہاں کی ترتیب
وہی ترتیب بعنوانِ دگر ہے کہ جو تھی

○

خود ہیں پابندِ سلاسل برضا و رغبت
اپنے ہاتھوں کا کرم جسم پہ جو گھاؤ ہیں

ان کا حق ہے، ہے جو اس ارض و سما کے مابین
لیکن اس حُسنِ عطا کا انہیں احساس نہیں
کوئی احساس دلائے تو ہے اندیشۂ جاں
اُپنے اجداد کی قدروں کا اسے پاس نہیں،

○

تلتی نہیں محبت میزانِ بیش و کم میں

○

وسعتِ بلا میں بہتا ہے زندگی کا چشمہ

○

مدیح و ذم سے ہے صدقِ مقال مستغنی،

وغا میں شیرِ ژیاں، انجمن میں پیرِ مغاں
دل و نظر میں فروزاں، وفا کی قندیلیں
بہادروں کے لیئے ایک گھر ہے سارا جہاں
بہادروں کی طرح ہم وقار سے جی لیں!

○

خالقِ ارض و سمٰوات کا فیضانِ جلیل
ایک گلدستۂ رنج و محن، اِک تحفۂ موت
تو اگر سمجھے تو ہے گوش و نظر کی تحدید
ہو وہ جادوگریٔ رنگ کہ ہنگامۂ صوت

○

دُور ہٹاؤ اپنے لبوں کو
پھُونک چکے افسونِ تزویر
صبح کاذب کا ہے اُجالا
یہ آنکھیں اور ان کی تنویر
ربطِ نہاں کی مہریں، جذبِ وفا کے پیماں!
کھوٹی مہریں، جھُوٹے پیماں!

پھر کوئی داستاں رقم ہوگی
پھر کوئی دیکھتا ہے دز دیدہ

○

اس شوخ کی نگاہ میں آیاتِ خمریات
شانِ ربودگی میں ادائے سپردگی
یہ اور بات ہے کہ مرا دل اداس ہے
اب بھی جواں ہے اس قدرعنا کی دلبری!

○

گرچہ چراغِ منبر و محراب بجھ گئے
ہوتا ہے پھر بھی دل میں چراغاں کبھی کبھی!

○

لیکن اس حُسنِ مصوّر کے ستائش گر کو
کوئی دلچسپی نہیں پیکرِ نسوانی سے

○

تری چشمِ تماشا مست میں غلطاں ہیں افسانے
مگر تمہیدِ اُلفت کا کوئی عنواں نہیں ملتا
کسی شے کی کمی ہے تیرے جلووں کی نوازش میں
کہ اب وہ والہانہ پن وہ ذوقِ جاں نہیں ملتا
کمالِ عفّتِ قلب و نظر مقصُود ہے خاؔلد
یہ رُتبہ مل تو جاتا ہے مگر آساں نہیں ملتا!

○

کون اس رُوح کے اعماق کو پا سکتا ہے
تازگی جس کی عبارت ہو نمازِ فن سے

○

رُوحِ فنکار کی پرتابِ تگ و تازِ جلیل
ہو سکی ہے کبھی زنجیر و سلاسل میں اسیر؟

○

میں یہاں تیرے لئے دجلۂ خونابہ ہوں
بوئے گل کی طرح آفاق میں آوارہ ہوں
وادی و کوہ میں اُڑتے ہوئے رہوارِ سحاب
جیسے ہو جاتے ہیں پہنائے فضا میں تحلیل
مرا پیکر ترے آغوش میں حل ہو جائے!

○

زجر و توبیخ سے بے پروا اور
مدح و توصیف سے بالا ہو کر
جادۂ شوق پہ چلتے جاؤ
ایک دن منزلِ مقصود کو پا ہی لوگے
ہر ہنر مند کو درکار ہے اک نصب العین
آتشِ شوق کو جو تیز و جواں کرتا رہا
تا کہ وہ قانع و آسودہ نہ ہونے پائے!

○

ا ترے دل میں ہوسِ مدح و ستائش کے سوا
کوئی خواہش کوئی ارمان کوئی خواب نہیں؟

ب ہے تو، لیکن میں کوئی رابعہ و للّہ نہیں

میں سمجھتی ہوں کہ تسکینِ حواسِ خمسہ
خلد موعود کی لذت سے ہے بڑھ کے

ا کیسے؟

ب یہ گگن کھیلتی سرشار و جواں موجِ نسیم
ہر بنِ مو سے اُمنڈتا ہُوا سیلابِ شمیم
یہ تمنّا کی قناتیں یہ محبّت کے حریم
دلِ انساں کی فتوحات یہ الطافِ عمیم
برملا کہتے ہیں ایسے ایسے!

○

فطرت و فن کے نشیمن ہیں مرا گہوارہ!

○

شاہدِ شام نے عُنّاب کا جوڑا پہنا
مہکے ایوانِ طرب، نکہتِ سرگوشی سے
اور کُنجوں میں حسیں خوابوں کے جادُو پھیلے!

○

میں، تنہائی، دل کی دھڑکن!
اے مرے بھُولے بسرے گیتو!
تم ہی مرا دل بہلانے کو
کاش، آج کی رات آ جاؤ!

صور پرداز دو! اٹھو حشر کی قرنا پھونکو
اس کی گونجوں سے دلِ دشت و جبل دہلا دو
قرصِ آتش کو قریب اور قریں لے آؤ
ارضِ بریاں سے کہو اپنے دفینے اُگلے
اے سفیرانِ فلک اپنے صحیفے کھولو
بسترِ خاک سے اے نیند کے ماتے اُٹھو
دل کو روشن کرو احساس کو بیدار کرو
یونہی کیا دیکھتے ہو کھوئی ہوئی آنکھوں سے
خامکارانِ یقیں، یوم حساب آ پہنچا!

○

حسن و دانش کی نگارینہ دل آویزی نے
ہر کسی کو ترا دیوانہ بنا رکھا ہے
اور ترغیبِ ہوس کے باوصف
صورتِ اخترِ سیمیں تری سیرت بے داغ!

○

تُو تو عنواں ہے مری زیست کے افسانے کا

○

روغنِ درد سے جلتے ہیں خیالوں کے چراغ

○

وہ بھی قزّاق ہے لیکن زیرک
وہ بھی مارے گا شبیخوں، لیکن
تم اسے حُسنِ ادا سمجھو گی
اس کے معصوم اشارے بھی ہیں یلغارِ فریب
اس کے ہر داؤ سے ہر گھات سے ہشیار رہو!

○

اے مسافر یہ دُعا ہے کہ خدائے اکبر
شامِ غربت کو کرے صبحِ وطن سے خوشتر

○

میرا پیمان جواں میری وفا زندہ ہے!

○

کھو گیا محملِ جاں، درد کے صحراؤں میں

○

شامِ حرماں کی اداسی کا خریدار نہ بن

○

فن اُبھرتا ہے فقط جادوئے چشم و لب سے
فن کی معراج ہے مرہونِ جمالِ جاناں !

○

پُرفسوں جھیل کے پانی کی طرح
چُپ ، صنم خانۂ ماضی کی طرح
احمریں ، چشمِ جوانی کی طرح

○

کتنے سپنے مرے ارمانوں میں آوارہ ہیں

○

عمرِ رفتہ ہے کہ صحرا میں بگولے مضطر

○

نزہتِ باغِ جناں تھی شاید
نکہتِ شوقِ جواں تھی شاید
حاصلِ عمرِ رواں تھی شاید
آج تک جس کے لئے دیدہ و دل پُرخوں ہیں

زندگی ہے کہ ویران تیاتر کوئی
شمعیں افسردہ، مغنّی خاموش
دل کو ڈستا ہؤا سنسان سکوت
شب کے سناٹے میں ہُو کا عالم
اور میں بادۂ دوشینہ کی مخموری میں
بیتے افسانوں کو دہراتا ہوُں
موت کے سائے چناروں سے بلاتے ہیں مجھے!
رخصت اے بزمِ جہاں، وقتِ وداع آ پہنچا!

○

بطِ مے ، کیسۂ زر ، پردۂ چنگ
ہمہ شورش ، ہمہ سازش ، ہمہ ننگ!

○

وا شدِ بابِ طلسمات کی کیسی اُمّید
ہاتھ آتی نہیں گنجینۂ معنی کی کلید!

○

زندگی بھر میں کسی سے متصادم نہ ہُوا
کہ نہ تھا دیر و حرم میں کوئی شایانِ ستیز!

[م جھ ر لی]